
www.ilmkidunya.com

سوال 1: ورک سے کیا مراد ہے؟ ورک کی وضاحت کریں۔ نیز اس کا فارمولا اور یونٹ لکھیں۔

جواب: ورک: ''فورس اور فورس کی سمت میں طے کردہ فاصلے کا حاصلِ ضرب ورک کے برابر ہوتا ہے۔''

وضاحت: فورس اور فاصلہ ورک کے دو لازمی حصے ہیں۔ جب ایک مستقل فورس کسی جسم پر عمل کرتے ہوئے اسے کچھ فاصلے تک حرکت میں لاتی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ فورس نے ورک کیا ہے۔



شکل 1


فرض کریں لکڑی کا ایک بلاک میز پر پڑا ہے۔ (شکل نمبر 1)۔ اگر ایک فورس F اس پر لگانے سے وہ فورس کی سمت میں فاصلہ S طے کرتا ہے تو

فاصلہ × فورس = ورک

$$W = F \times S \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (1)$$

مساوات (1) سے ظاہر ہے کہ اگر ڈس پلیسمنٹ طے نہیں ہوتا تو ورک نہیں ہوتا۔


مثال: مثال کے طور پر اگر ایک شخص کسی دیوار کو دھکیل رہا ہے لیکن دیوار اپنی جگہ قائم رہتی ہے (شکل نمبر 2) تو ایسی صورت میں وہ شخص کام نہیں کر رہا۔ اسی طرح اگر کوئی جسم یکساں ولاسٹی سے حرکت کر رہا ہے لیکن اس کوئی فورس عمل نہیں کر رہی تب بھی ورک صفر ہوگا۔


شکل 2

چونکہ $F = 0$ لہذا $W = 0 \times S = 0$

یونٹ: ورک کا SI یونٹ جول ہے۔ ورک ایک سکیلر مقدار ہے۔

سوال 2: اگر ایک فورس کسی جسم کی حرکت کی سمت کے ساتھ زاویہ θ بنا رہی ہو تو کتنا ورک ہوگا؟ نیز گراف کے ذریعے ورک کی مقدار معلوم کرنے کا طریقہ بیان کریں۔



شکل 3

جواب: اگر ایک فورس کسی جسم کی حرکت کی سمت کے ساتھ زاویہ θ بنا رہی ہو تو ایسی صورت میں ورک فورس کے اس جزو کی وجہ سے ہوگا جو حرکت کی سمت میں عمل کر رہا ہے۔ (شکل نمبر 3)۔

وضاحت: فورس F کو اس کے عمودی جز میں تقسیم کرنے سے یہ جز $F\cos\theta$ ہے جو حرکت کی سمت میں عمل کر رہا ہے۔ اس لیے

$$W = (F\cos\theta)S$$


$$\text{or} \quad W = FS\cos\theta \quad \ldots\ldots (1)$$

مرحلہ I: اگر $\theta = 0°$ تب $\cos 0° = 1$

اس لیے $W = FS\,(1) = FS$

یہ وہ صورت ہے جب فورس اور طے کردہ فاصلے کی سمت ایک جیسی ہے۔

مرحلہ II: اب اگر $\theta = 90°$ تب $\cos 90° = 0$، اس کا مطلب ہے کہ فاصلے کی سمت میں فورس کا کمپونینٹ صفر ہے۔ لہذا $W = FS\,(0) = 0$




شکل 4

یہ وہ صورت ہے جب فورس ڈس پلیسمنٹ کے ساتھ عموداً عمل کر رہی ہو۔ شکل نمبر 4 پر غور کریں جب ایک شخص بیگ اُٹھا کر کچھ فاصلے تک لے جاتا ہے تو یہ ورک صفر ہوگا، چونکہ فورس ڈس پلیسمنٹ کے عموداً عمل کر رہی ہے۔

کسی جسم کو چاہے شمال سے جنوب کی طرف یا مشرق سے مغرب کی طرف دھکیلیں تو ورک برابر ہوگا کیونکہ فورس اور فاصلہ دونوں صورت میں ایک جیسے ہیں۔ چونکہ سمت ورک کی مقدار پر اثر انداز نہیں ہوتی اس لیے یہ ایک سکیلر مقدار ہے۔

گراف کے ذریعے ورک کی مقدار معلوم کرنا:



شکل 5

ایک مستقل فورس F کسی جسم پر S فاصلے تک عمل کرتی ہے۔ اس فورس اور فاصلے کے درمیان گراف شکل نمبر (5) میں دکھایا گیا ہے۔ اگر فورس اور فاصلے کی سمت ایک ہے تو اس صورت میں:

$$\text{ورک } W = F \times S$$

اس شکل میں گراف OPQR کا ایریا بھی F×S کے برابر ہے۔ لہذا فورس اور فاصلے کی لائن کے نیچے والا ایریا ورک کو ظاہر کرے گا۔

سوال 3: ورک کا SI یونٹ کیا ہے؟ اس کی تعریف کریں۔

جواب: ورک کا SI یونٹ جول ہے۔

جول (Joule): ''ایک جول وہ ورک ہے جو ایک نیوٹن فورس کسی جسم پر عمل کرتے ہوئے اسے ایک میٹر تک حرکت دیتی ہے'' $1\ J = 1N \times 1m$

ورک کے بڑے یونٹس: جول (J) ورک کا ایک چھوٹا یونٹ ہے۔ اس کے بڑے یونٹس کلو جول (kJ) اور میگا جول (MJ) ہیں۔

$$1 \text{ کلو جول } (1\ kJ) = 1000\ J = 10^3 J$$

$$1 \text{ میگا جول } (1\ MJ) = 1000000\ J = 10^6 J$$

سوال 4: انرجی سے کیا مراد ہے؟ انرجی کی مختلف اشکال کون سی ہیں؟ نیز انرجی کی بنیادی اقسام تحریر کریں۔

جواب: انرجی (Energy): ''کسی جسم کے ورک کرنے کی صلاحیت کو انرجی کہتے ہیں''۔

وضاحت: ہماری روزمرہ زندگی میں انرجی ایک عام لفظ ہے۔ ہمیں کوئی بھی ورک کرنے کے لیے انرجی کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم اپنے جسم کو حرکت نہیں دے سکتے جب تک ہمارے جسم میں انرجی نہ ہو۔ ہم یہ انرجی غذا سے حاصل کرتے ہیں۔ ایک موٹر کار تبھی چلتی ہے جب تک اسے پیٹرول کے جلنے سے انرجی نہ ملے۔ فیکٹریوں میں مشینیں اس وقت تک نہیں چلتیں جب تک الیکٹریسٹی انھیں انرجی فراہم نہ کرے۔ کسی بھی حرکت میں تبدیلی کے لیے انرجی کی ضرورت پڑتی ہے۔ جب ہم کہتے ہیں کہ کسی جسم میں انرجی موجود ہے تو اس کا مطلب ہے اس جسم میں کام کرنے کی صلاحیت ہے۔

جب کوئی شخص ورک کر رہا ہوتا ہے تو انرجی خرچ ہوتی ہے۔ دراصل ورک کرنے والے کی انرجی اس جسم میں منتقل ہو جاتی ہے۔ جس پر ورک ہو رہا ہے۔

مثال: مثال کے طور پر جب آپ چلڈرن پارک میں جھولے کو دھکیلتے ہیں تو آپ کے جسم کی کیمیائی انرجی اس جھولے کو منتقل ہو کر اس جھولے کی حرکت میں ظاہر ہوتی ہے۔

یونٹ: ورک کی طرح انرجی بھی ایک سکیلر مقدار ہے اور اس کا SI یونٹ بھی جول (J) ہے۔

www.ilmkidunya.com

جول (Joule): "جب کسی جسم پر ایک جول ورک کیا جاتا ہے تو خرچ ہونے والی انرجی ایک جول ہوتی ہے"۔

انرجی کی مختلف اشکال: انرجی مختلف اشکال میں ظاہر ہوتی ہے۔ الیکٹریکل انرجی، کیمیکل انرجی، نیوکلیئر انرجی حرارت، روشنی انرجی کی زیادہ مشہور اشکال ہیں۔

انرجی کی بنیادی اقسام: انرجی کی دو بنیادی اقسام درج ذیل ہیں:

(i) کائی نیٹک انرجی (Kinetic energy) (ii) پوٹینشل انرجی (Potential energy)

سوال 5: کائی نیٹک انرجی کی تعریف کریں اور اس کا فارمولا اخذ کریں۔

جواب: کائی نیٹک انرجی (Kinetic Energy): "کسی جسم میں حرکت کی وجہ سے موجود انرجی کائی نیٹک انرجی کہلاتی ہے"۔

وضاحت: یہ معلوم کرنے کے لیے کہ کسی متحرک جسم میں کائی نیٹک انرجی کی مقدار کتنی ہے جسم کو روکنے کے لیے مخالف سمت میں فورس لگائی جاتی ہے جس سے جسم کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد رُک جاتا ہے۔ یعنی جسم پر ورک کرنا پڑتا ہے جو اس کی کائی نیٹک انرجی کے برابر ہوتا ہے۔

کائی نیٹک انرجی = ورک = E_k = W


کائی نیٹک انرجی کی حسابی مساوات: فرض کریں کہ ماس m کا ایک جسم ولاسٹی v سے حرکت کر رہا ہے اس پر مخالف سمت میں فورس F فاصلہ S تک لگانے سے یہ رُک جاتا ہے، اس لیے

$$E_k = \text{ورک} = F \times S$$

چونکہ F = ma اور وقت × اوسط ولاسٹی = S لہذا

$$S = \left(\frac{v+0}{2}\right)t = \frac{v}{2} \times t$$

$$E_k = ma \times \frac{vt}{2} = \frac{1}{2} ma \times vt \quad \text{یا}$$



شکل 6

ولاسٹی۔ ٹائم گراف (شکل نمبر 6) کا سلوپ یا گریڈیئنٹ ایکسلریشن "a" کے برابر ہوتا ہے۔

چونکہ $a = \frac{v}{t}$ ولاسٹی اور فورس مخالف سمت میں ہیں، لہٰذا سلوپ منفی ہے۔

$$E_k = \frac{1}{2} m \left(\frac{v}{t}\right) vt$$

$$E_k = \frac{1}{2} mv^2 \ldots\ldots\ldots (1) \quad \text{یا}$$

سوال 6: پوٹینشل انرجی کی تعریف کریں نیز پوٹینشل انرجی کی اقسام بیان کریں۔ اور پوٹینشل انرجی کا فارمولا بھی اخذ کریں۔

جواب: پوٹینشل انرجی: کسی جسم میں پوزیشن یا ساخت میں تبدیلی کی وجہ سے ورک کرنے کی صلاحیت کو پوٹینشل انرجی کہتے ہیں۔

پوٹینشل انرجی کی اقسام: پوٹینشل انرجی کی بہت ساری اقسام ہیں۔

(i) **گریویٹیشنل پوٹینشل انرجی:** سطح زمین کے لحاظ سے کسی جسم کی پوزیشن میں تبدیلی سے کام کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جانے کو گریویٹیشنل پوٹینشل انرجی کہتے ہیں۔

(ii) **ایلاسٹک پوٹینشل انرجی:** ایک سپرنگ میں دباؤ یا پھیلاؤ کی وجہ سے سٹور ہونے والی انرجی کو ایلاسٹک پوٹینشل انرجی (Elastic Potential Energy) کہتے ہیں۔


(iii) **کیمیکل پوٹینشل انرجی:** الیکٹرک بیٹری کے کیمیکلز میں موجود انرجی کیمیکل پوٹینشل انرجی کہلاتی ہے جو کیمیائی تعامل سے الیکٹرک انرجی میں تبدیل ہوتی ہے۔

www.ilmkidunya.com

(iv) **تھرمل/انٹرنل انرجی:** فوسل فیولز (Fossil Fuels) کے جلنے کے عمل میں پیدا ہونے والی انرجی تھرمل یا انٹرنل انرجی کہلاتی ہے۔

نیوکلیئر انرجی: ایٹم کے نیوکلیس میں موجود مخفی انرجی کو نیوکلیئر انرجی کہتے ہیں۔ جب بڑے ایٹموں کو چھوٹے ایٹموں میں تقسیم کیا جاتا ہے تو یہ انرجی حرارت اور دوسری ریڈی ایشنز کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔

(v) **پوٹینشل انرجی کی حسابی مساوات:** شکل نمبر (7) میں دکھائے گئے ایک وزن w کے بلاک کو جب ہم بلندی h تک اٹھایا جاتا ہے تو اس کی سطح زمین کے لحاظ سے بلند پوزیشن پر پوٹینشل انرجی آجاتی ہے۔



شکل 7

جب بھی اسے گرنے دیا جائے گا اس میں ورک کرنے کی صلاحیت ہوگی۔

بلاک کو اوپر لے جانے کے لیے جو ورک کیا گیا تھا وہی اس کی پوٹینشل انرجی ہوگی۔ لہذا

بلند پوزیشن پر لے جانے کے لیے کیا گیا ورک = E_p پوٹینشل انرجی

اس بلاک کو یکساں ولاسٹی سے بلندی h تک اوپر اٹھانے کے لیے فورس F کا اس کے وزن w کے برابر ہونا ضروری ہے، لہذا $w = mg$

اس لیے بلندی h پر بلاک کی پوٹینشل انرجی ہو جاتی ہے:

$$E_p = wh$$

$$E_p = mgh \quad \ldots\ldots (1)$$

مثال: گریوی ٹیشنل پوٹینشل انرجی کی ایک واضح مثال آبشار (شکل 8) کی ہے۔ آبشار کی بلند پوزیشن پر پانی میں پوٹینشل انرجی موجود ہے۔ جب پانی نیچے گرتا ہے تو پوٹینشل انرجی پانی کی کائی نیٹک انرجی میں تبدیل ہوتی ہے اور تیزی سے گرتا ہوا پانی ٹربائن چلا کر الیکٹریسٹی پیدا کرتا ہے۔



شکل 8 آبشار

سوال 7: انرجی کنزرویشن کیا ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔

جواب: انرجی نہ ہی پیدا کی جاسکتی ہے اور نہ ہی فنا کی جاسکتی ہے۔ تاہم اس کو ایک قسم سے دوسری قسم میں تبدیل کیا جاسکتا ہے لیکن انرجی کی کل مقدار کبھی تبدیل نہیں ہوتی۔

فاضل انرجی: انرجی کی ایک قسم سے دوسری قسم میں تبدیلی کے عمل کے دوران بعض دفعہ ایسا لگتا ہے کہ کچھ انرجی کہیں کھو گئی ہے دراصل یہ انرجی تبدیلی کے عمل کے دوران متحرک حصوں میں مزاحمت یا فرکشن کے خلاف ورک کرنے میں خرچ ہو جاتی ہے جو حرارت کی شکل میں اردگرد کے ماحول میں منتشر ہو جاتی ہے یہ انرجی عملی نقطہ نظر سے کارآمد انرجی نہیں رہتی، لہذا اسے فاضل انرجی (Waste Energy) کہتے ہیں۔

مثال سے وضاحت: فرض کریں کہ ماس m کا ایک جسم سطح زمین سے h بلندی پر ریسٹ پوزیشن میں ہے، جیسا کہ شکل نمبر 9 میں دکھایا گیا ہے، لہذا اس کی کل انرجی mgh کے برابر ہوگی۔ چونکہ کائی نیٹک انرجی صفر ہے۔ اس لیے



شکل 9

$$E_p = mgh$$

اور

$$E_k = 0$$

جب جسم کو مقام A سے B تک گرایا جاتا ہے جس کی سطح زمین سے بلندی "x" ہے، تو جسم کے نیچے گرنے کی وجہ سے اس کی پوٹینشل انرجی کم ہو جاتی ہے جبکہ کائی نیٹک انرجی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ چونکہ نیچے گرنے سے یہ سپیڈ حاصل کر لیتا ہے، اگر ہوا کی مزاحمت کو نظر انداز کر دیا جائے۔

www.ilmkidunya.com

$$E_p = mg(h - x)$$

پوٹینشل انرجی میں کمی کائی نیٹک انرجی میں اضافہ کی صورت میں ہوگی۔

لہٰذا پوائنٹ B پر کائی نیٹک انرجی ہوگی۔

$$E_k = mgx$$

پوائنٹ B پر کل انرجی $E = mg(h - x) + mgx = mgh$

مقام C پر سطح زمین سے ٹکرانے سے ذرا پہلے تمام پوٹینشل انرجی کائی نیٹک انرجی میں تبدیل ہو جاتی ہے، اس لیے اب:

$$E_k = mgh \quad \text{اور} \quad E_p = 0$$

لہٰذا کل انرجی mgh ہی رہتی ہے۔ سطح زمین سے ٹکرانے پر یہ انرجی حرارت اور آواز کی شکل میں ماحول میں منتشر ہو جاتی ہے۔


سوال 8: انرجی کے درج ذیل ذرائع تفصیلاً بیان کریں۔

(i) فوسل فیول انرجی (ii) ہائڈرو الیکٹرک انرجی جنریشن

جواب: (i) فوسل فیول انرجی: (Fossil Fuel Energy)

''تیل کوئلہ اور گیس کو فوسل فیولز کہتے ہیں ان سے جو انرجی حاصل ہوتی ہے اسے فوسل فیول انرجی کہتے ہیں''۔

استعمال: ان کے جلانے سے جو حرارت پیدا ہوتی ہے اسے سٹیم بنانے میں استعمال کرتے ہیں اور سٹیم سے ٹربائن چلا کر الیکٹریسٹی پیدا کی جاتی ہے۔ اس سارے عمل کو (شکل نمبر 10) میں ایک بلاک ڈایاگرام کی صورت میں دکھایا گیا ہے۔




شکل 10

(ii) ہائڈرو الیکٹرک انرجی جنریشن: (Hydroelectric Generation)

بلندی سے گرتے ہوئے پانی کی پاور سے الیکٹریسٹی کی پیداوار کو ہائڈرو الیکٹرک انرجی جنریشن کہا جاتا ہے۔

وضاحت: ایک بلند جھیل یا پانی کا وسیع ذخیرہ گریوی ٹیشنل پوٹینشل انرجی کا حامل ہوتا ہے۔ جب پانی کو بلندی سے نیچے گرایا جاتا ہے تو اس کی پوٹینشل انرجی کائی نیٹک انرجی میں تبدیل ہوتی ہے (شکل




شکل 11

نمبر 11)۔ سرنگیں بنا کر بند ہیں پانی کو نشیبی جگہ کی طرف بہایا جاتا ہے ایسی تعمیر کو ڈیم کہتے ہیں۔ ڈیم میں تیزی سے بہتے ہوئے پانی کی کائی نیٹک انرجی سے ٹربائن گھما کر الیکٹرک جنریٹر چلایا جاتا ہے جس سے الیکٹریسٹی حاصل ہوتی ہے۔

سوال 9: سولر انرجی کیا ہے؟ سولر انرجی کے استعمال بیان کریں۔

جواب: سولر انرجی: سورج سولر انرجی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ سورج کی روشنی سے حاصل ہونے والی انرجی کو سولر انرجی کہتے ہیں۔




شکل 12: چھت پر لگائے گئے سولر پینلز

سولر انرجی کا استعمال: اسے دو طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔


- سولر انرجی سے یا تو کسی سسٹم کے لیے حرارت حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
- سولر انرجی سے براہ راست الیکٹریسٹی پیدا کر لی جاتی ہے۔

(i) **پہلا طریقہ:** اس طریقہ کار میں سولر پینلز سورج کی انرجی کو جذب کرتے ہیں جو بڑی میٹل پلیٹس پر مشتمل ہوتے ہیں ان کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ ان سے پائپوں میں بہتا ہوا پانی گرم کیا جاتا ہے، جسے عمارات کو گرم رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر سورج کی شعاعوں کو ریفلیکٹر زیا آئنوں (mirrors) کی مدد سے کسی چھوٹے ایریا پر مرکوز کر لیا جائے تو اس سے خاطر خواہ ایک بلند ٹمپریچر حاصل کر کے پانی کو بوائلر کے ذریعے سٹیم میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، جس سے الیکٹریسٹی حاصل کی جا سکتی ہے۔



شکل 13: سولر سیل پینل

(ii) **دوسرا طریقہ:** اس طریقے میں سولر سیلز کی مدد سے سورج کی روشنی کو براہ راست الیکٹریسٹی میں تبدیل کر لیا جاتا ہے۔ سولر سیلز کو فوٹو وولٹک سیلز (Photo Voltaic Cells) بھی کہتے ہیں۔ ایک سیل سے بہت کم وولٹیج پیدا ہوتی ہے۔ عملی طور پر زیادہ ہائی وولٹیج حاصل کرنے کے لیے بہت زیادہ تعداد میں سولر سیلز کو سلسلہ وار جوڑ لیا جاتا ہے جنھیں سولر پینل کہتے ہیں، جیسا کہ شکل نمبر 13 میں دکھایا گیا ہے۔ آج کل سولر سیلز کیلکولیٹرز بھی دستیاب ہے جو سولر سیلز سے الیکٹریکل انرجی حاصل کر کے کام کرتے ہیں۔ بہت بڑے بڑے سولر پینلز سے خلائی سیٹلائٹس کو بھی پاور مہیا کی جاتی ہے۔



زمینی سیٹلائٹس سولر پینلز سے انرجی حاصل کرتے ہیں

سوال 10: نیوکلیئر انرجی پر مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب: نیوکلیئر انرجی: جب ایک بھاری نیوکلیس کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے تو نیوکلیئر انرجی حاصل ہوتی ہے۔

نیوکلیئر انرجی کا استعمال: نیوکلیئر پاور سٹیشن نیوکلیئر فیول استعمال کرتے ہیں جیسا کہ یورینیم اور پلوٹونیم۔

فشن ری ایکشن: فشن ری ایکشن کے دوران انرجی کی ایک بڑی مقدار حرارت کی شکل میں خارج ہوتی ہے جس سے سٹیم بنا کر ٹربائن چلائی جاتی ہے جو الیکٹریسٹی پیدا کرتی ہے۔ یہ عمل نیوکلیئر ری ایکٹر میں انجام پاتا ہے۔

پاکستان میں نیوکلیئر پاور سٹیشن: پاکستان میں کراچی اور چشمہ کے مقام پر نیوکلیئر پاور سٹیشن کام کر رہے ہیں۔

سوال 11: جیوتھرمل انرجی کی مختصراً وضاحت کریں۔

جواب: جیوتھرمل انرجی: دنیا کے بعض حصوں میں زمین کے نیچے کم گہرائی پر پگھلی ہوئی شکل میں گرم چٹانیں پائی جاتی ہیں جو تابکاری مادوں سے خارج

نمبر 11)۔ سرنگیں بنا کر بند میں پانی کو نشیبی جگہ کی طرف بہایا جاتا ہے ایسی تعمیر کو ڈیم کہتے ہیں۔ ڈیم میں تیزی سے بہتے ہوئے پانی کی کائی نیٹک انرجی سے ٹربائن گھما کر الیکٹرک جنریٹر چلایا جاتا ہے جس سے الیکٹریسٹی حاصل ہوتی ہے۔

سوال 9: سولر انرجی کیا ہے؟ سولر انرجی کے استعمال بیان کریں۔

جواب: سولر انرجی: سورج سولر انرجی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ سورج کی روشنی سے حاصل ہونے والی انرجی کو سولر انرجی کہتے ہیں۔




شکل 12: چھت پر لگائے گئے سولر پینلز

سولر انرجی کا استعمال: اسے دو طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔


- سولر انرجی سے یا تو کسی سسٹم کے لیے حرارت حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
- سولر انرجی سے براہ راست الیکٹریسٹی پیدا کر لی جاتی ہے۔

(i) پہلا طریقہ: اس طریقہ کار میں سولر پینلز سورج کی انرجی کو جذب کرتے ہیں جو بڑی میٹل پلیٹس پر مشتمل ہوتے ہیں ان کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ ان سے پائپوں میں بہتا ہوا پانی گرم کیا جاتا ہے، جسے عمارات کو گرم رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر سورج کی شعاعوں کو ریفلیکٹر زیا آئنوں (mirrors) کی مدد سے کسی چھوٹے ایریا پر مرکوز کر لیا جائے تو اس سے خاطر خواہ ایک بلند ٹمپریچر حاصل کر کے پانی کو بوائلر کے ذریعے سٹیم میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، جس سے الیکٹریسٹی حاصل کی جا سکتی ہے۔



شکل 13: سولر سیل پینل

(ii) دوسرا طریقہ: اس طریقے میں سولر سیلز کی مدد سے سورج کی روشنی کو براہ راست الیکٹریسٹی میں تبدیل کر لیا جاتا ہے۔ سولر سیلز کو فوٹو وولٹک سیلز (Photo Voltaic Cells) بھی کہتے ہیں۔ ایک سیل سے بہت کم وولٹیج پیدا ہوتی ہے۔ عملی طور پر زیادہ ہائی وولٹیج حاصل کرنے کے لیے بہت زیادہ تعداد میں سولر سیلز کو سلسلہ وار جوڑ لیا جاتا ہے جنھیں سولر پینل کہتے ہیں، جیسا کہ شکل نمبر 13 میں دکھایا گیا ہے۔ آج کل سولر سیلز کیلکولیٹرز بھی دستیاب ہے جو سولر سیلز سے الیکٹریکل انرجی حاصل کر کے کام کرتے ہیں۔ بہت بڑے بڑے سولر پینلز سے خلائی سیٹلائٹس کو بھی پاور مہیا کی جاتی ہے۔



زمینی سیٹلائٹس سولر پینلز سے انرجی حاصل کرتے ہیں

سوال 10: نیوکلیئر انرجی پر مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب: نیوکلیئر انرجی: جب ایک بھاری نیوکلیس کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے تو نیوکلیئر انرجی حاصل ہوتی ہے۔

نیوکلیئر انرجی کا استعمال: نیوکلیئر پاور سٹیشن نیوکلیئر ایندھن استعمال کرتے ہیں جیسا کہ یورینیم اور پلوٹونیم۔

فشن ری ایکشن: فشن ری ایکشن کے دوران انرجی کی ایک بڑی مقدار حرارت کی شکل میں خارج ہوتی ہے جس سے سٹیم بنا کر ٹربائن چلائی جاتی ہے جو الیکٹریسٹی پیدا کرتی ہے۔ یہ عمل نیوکلیئر ری ایکٹر میں انجام پاتا ہے۔

پاکستان میں نیوکلیئر پاور سٹیشن: پاکستان میں کراچی اور چشمہ کے مقام پر نیوکلیئر پاور سٹیشن کام کر رہے ہیں۔


سوال 11: جیوتھرمل انرجی کی مختصراً وضاحت کریں۔

جواب: جیوتھرمل انرجی: دنیا کے بعض حصوں میں زمین کے نیچے کم گہرائی پر پگھلی ہوئی شکل میں گرم چٹانیں پائی جاتی ہیں جو تابکاری مادوں سے خارج

www.ilmkidunya.com

ہونے والی انرجی سے حرارت حاصل کرتی ہیں۔ ان کا ٹمپریچر قریباً 250°C ہوتا ہے۔ اس انرجی کو جیوتھرمل انرجی کہتے ہیں۔

وضاحت: اس انرجی کو پانی کے پائپوں کے ذریعے سٹیم کی صورت میں نکال کر الیکٹریسٹی ٹربائن چلائے جاتے ہیں۔ ایک ایسا ہی جیوتھرمل پاور پلانٹ شکل نمبر 14 میں دکھایا گیا ہے۔



شکل 14 جیوتھرمل پلانٹ

گرم چٹانوں کا استعمال: بعض جگہ گرم چٹانوں میں سوراخ کر کے ان میں سے پانی کے پائپ گزارے جاتے ہیں جن کا پانی گرم ہو کر سٹیم میں تبدیل ہو جاتا ہے جس سے جنریٹر چلا کر الیکٹریسٹی پیدا کی جاتی ہے۔

گیزرز: ایسی گرم چٹانوں میں جہاں پانی پہلے سے ہی موجود ہو تو یہ گرم چشموں کی صورت میں سطح زمین پر نمودار ہو جاتے ہیں جنھیں گیزرز کہتے ہیں، جیسا کہ ایک گیزر شکل (15) میں دکھایا گیا ہے۔



شکل 15

سوال 12: مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(i) ونڈ انرجی (ii) مدوجزر سے انرجی

(iii) سمندری ویوز سے انرجی

جواب: (i) ونڈ انرجی:

☆ جہاں تیز ہوا چلتی ہے وہاں صدیوں پہلے سے لوگ وِنڈمل یا ہوائی چکیوں میں اناج پیسنے اور ہوا پانی کو کنوؤں سے نکالنے کے لیے استعمال کرتے آ رہے ہیں۔

☆ جدید وِنڈمل سے جنریٹر چلا کر الیکٹریسٹی پیدا کی جاتی ہے۔

☆ وِنڈ جنریٹر پاور سسٹم جنریٹر کی طرح کام کرتے ہیں۔

☆ شکل نمبر 16 میں ایک وِنڈ ملز فارم دکھایا گیا ہے جس میں بہت سی وِنڈ مشینوں کو آپس میں ملا دیا جاتا ہے۔ اس سے بہت بڑے پیمانے پر الیکٹریسٹی پیدا کر لی جاتی ہے۔



شکل 16 وِنڈ ملز فارم


(ii) مدوجزر سے انرجی:

مدوجزر: چاند کی گریویٹیشنل فورس کی وجہ سے ایک دن میں سمندر کے پانی کا دو مرتبہ چڑھنا اور اُترنا مدوجزر کہلاتا ہے۔

استعمال: پانی کے اس اُتار چڑھاؤ کو استعمال کر کے انرجی پیدا کر لی جاتی ہے کس خلیج پر ڈیم تعمیر کر کے اس بلند ٹائیڈ کے وقت بھرا اور پست ٹائیڈ کے وقت خالی کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح خلیج کا پانی ہائڈرو الیکٹرک پاور کی طرح ٹربائن چلا کر الیکٹریسٹی پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگلی بلند ٹائیڈ پر اندر آتے ہوئے پانی سے بھی ٹربائن چلا کر الیکٹریسٹی پیدا کی جا سکتی ہے۔

(iii) سمندری ویوز سے انرجی: مدوجزر اور تیز ہوائیں سمندر میں طاقت ور ویوز پیدا کرتی ہیں، ان کی انرجی سے بھی الیکٹریسٹی پیدا کی جا سکتی ہے۔

www.ilmkidunya.com



شکل 17

فلوٹس: اس مقصد کے لیے بڑے بڑے فلوٹس (Floats) استعمال کیے جاتے ہیں جو ویوز کے ساتھ اوپر نیچے حرکت کرتے ہیں۔ ایسے ہی پروفیسر سالٹر کی ایجاد کردہ ایک ترکیب سالٹرز ڈک (Salter's Duck) کہلاتی ہے۔ شکل نمبر 17۔


حصے: یہ دو حصوں پر مشتمل ہوتی ہے۔

(i) ڈک فلوٹ (Duck Float) (ii) بیلنس فلوٹ (Balance Float)

ویوز کی انرجی سے ڈک فلوٹ بیلنس فلوٹ کی نسبت حرکت کرتی ہے۔ ڈک فلوٹ کی نسبتی حرکت (Relative motion) سے الیکٹریسٹی کے جنریٹر چلائے جاتے ہیں۔

سوال 13: بائیو فیول انرجی کیا ہے؟ وضاحت کریں۔

جواب: بائیو فیول انرجی: یہ انرجی بائیو ماس (Biomass) سے حاصل کی جاتی ہے۔ یہ نامیاتی مٹیریل پودوں، گلی سڑی سبزیوں، پھلوں، جانوروں کا فضلہ، کوڑا کرکٹ، گندے گٹر کے پانی وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ مٹیریل براہ راست فیول کے طور پر استعمال کرلیا جاتا ہے، یا اسے دیگر فیولز میں تبدیل کر لیا جاتا ہے۔ براہ راست اس کو بوائلر میں جلا کر الیکٹریسٹی پیدا کرنے کے لیے سٹیم بنائی جاتی ہے۔



شکل 18 ڈائی جیسٹر

میتھین گیس: عمل ایک روایتی طریقہ کار عمل میں گلے سڑے نباتات کو ایک بڑے برتن جسے ڈائی جیسٹر کہتے ہیں میں بند کر کے میتھین گیس بنائی جاسکتی ہے۔ (شکل نمبر 18)

بائیو گیس (Bio gas): اس عمل میں مائکرو آرگنزم آکسیجن کی موجودگی میں ان نامیاتی مٹیریل کو توڑ پھوڑ کر بائیو گیس بناتے ہیں جسے قدرتی گیس کی طرح جلانے اور کھانا بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بائیو فیول (Biofuel): بائیو ماس سے بائیو فیول یعنی ایتھانول الکوحل بھی بنایا جاتا ہے۔ جو پٹرول کی جگہ گاڑیوں میں استعمال ہوسکتا ہے۔ اس عمل میں بیکٹیریا یا بائیو ماس کو بائیو فیول میں تبدیل کرتے ہیں۔

سوال 14: انرجی کے قابلِ تجدید اور نا قابلِ تجدید ذرائع کون سے ہیں؟ وضاحت کریں؟

جواب:


قابلِ تجدید ذرائع	نا قابل تجدید ذرائع
انرجی کے ایسے ذرائع جن کے استعمال ہونے کے بعد ان کا بدل موجود ہو، قابل تجدید ذرائع کہلاتے ہیں۔	ایسے ذرائع جن کی تجدید نہ کی جا سکے اور مسلسل استعمال کے بعد ان میں مسلسل کمی آتی رہے تو انھیں نا قابل تجدید ذرائع کہتے ہیں۔ یہ اگر ایک دفعہ ختم ہو جائیں تو آسانی سے ان کا بدل نہیں مل سکتا۔
قابلِ تجدید انرجی کے ذرائع میں ہائڈرو الیکٹرک، سولر، وِنڈ، مدوجزر، سمندری ویوز اور جیوتھرمل انرجی کے ذرائع شامل ہیں۔ استعمال کے ساتھ ساتھ ان کی تجدید ہوتی رہتی ہے۔ مثلاً بارش اور برفباری جاری عمل ہے لہٰذا ڈیم کی جھیل کو پانی کی سپلائی جاری رہتی ہے اور ہائڈرو الیکٹرک پاور کے ختم	نا قابلِ تجدید ذرائع میں فوسل فیولز اور نیوکلیئر انرجی شامل ہیں۔ فوسل فیولز دراصل ان قدیم پودوں اور جانوروں سے وجود میں آتے ہیں جو زمین میں دب گئے اور لاکھوں سال کے عمل کے بعد وہ فوسل فیولز میں تبدیل ہو گئے۔ ان کے ذخائر محدود ہیں۔ ایک دفعہ یہ ختم ہو جائیں تو ان کی تجدید

www.ilmkidunya.com

ہونے کا خدشہ نہیں رہتا۔ اسی طرح سولر انرجی کا حصول بھی ہمیشہ رہتا ہے۔ وِنڈ انرجی اور مدوجزر کے ذرائع سے انرجی کا حصول بھی اسی طرح ہے۔ مستقبل میں ان کے ختم ہونے کا خدشہ نہیں ہے۔	کے لیے لاکھوں سال انتظار کرنا پڑے گا۔ اسی طرح نیوکلیئر انرجی کے لیے ضروری فیول بھی محدود ہیں۔ چونکہ انرجی کی طلب بڑھتی جا رہی ہے اس لیے غیر روایتی قابلِ تجدید ذرائع کو ترقی دینا ضروری ہے۔

سوال 15: انرجی کے حصول کے ماحول دوست ذرائع اور نقصان دہ ذرائع تحریر کریں۔

جواب: انرجی کے حصول میں ماحول دوست ذرائع: ہائڈرو الیکٹرک پاور سستی، محفوظ اور صاف ستھری ہے۔ اس سے ماحولیاتی آلودگی بھی نہیں ہوتی۔ سولر، وِنڈ، مدوجزر اور سمندری ویوز سے ابتدائی طور پر انرجی کا حصول مہنگا ضرور ہے۔ لیکن یہ ذرائع بھی ماحولیاتی آلودگی پیدا نہیں کرتے اور بعد ازاں ان سے انرجی کا حصول کافی سستا پڑتا ہے۔



شکل 19

انرجی کے حصول کے نقصان دہ ذرائع:

فوسل فیولز اور نیوکلیئر انرجی سے پاور جنریشن بہت زیادہ ماحولیاتی آلودگی کا باعث بنتی ہے۔ فوسل فیولز کے جلانے سے دھواں، کاربن ڈائی آکسائیڈ اور حرارت پیدا ہوتی ہے۔ (شکل نمبر 19) یہ ذرائع براہ راست ہوا کی آلودگی کا باعث بنتے ہیں۔ وِنڈ ملز بہت زیادہ شور کا سبب بنتی ہیں اور کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ان سے دلکش زمینی مناظر کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔


تھرمل پولیوشن اور گلوبل وارمنگ: نیوکلیئر پاور جنریشن میں نیوکلیائی عمل سے پیدا ہونے والی حرارت سے ایٹم بنایا جاتا ہے۔ حرارت اپنے طور پر پولیوشن کی ایک شکل ہے، جسے تھرمل پولیوشن کہتے ہیں۔ اس سے زمین کا اوسط ٹمپریچر دن بدن بڑھتا جاتا ہے جسے گلوبل وارمنگ (Global Warming) کہتے ہیں۔ مزید اس طریقہ کار کا ایک اور مسئلہ یہ ہے کہ اس میں تابکاری کے پھیلاؤ کا خدشہ رہتا ہے جو جانداروں کے لیے مضر ہے۔ نیوکلیئر پلانٹ کے اردگرد رہنے والے لوگوں کے لیے ہمیشہ کسی ممکنہ حادثے کا ڈر برقرار رہتا ہے جبکہ نیوکلیئر ویسٹ میٹریل کو مناسب طور پر ٹھکانے لگانا بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔

سوال 16: پاور سے کیا مراد ہے؟ مختصراً وضاحت کریں۔ نیز پاور کا فارمولا بھی تحریر کریں۔

جواب: پاور (Power): وقت کے لحاظ سے ورک کرنے کی شرح کو پاور کہتے ہیں۔

(یا) یونٹ وقت میں انرجی کی تبدیلی پاور کہلاتی ہے۔

وضاحت: بہت ساری صورتوں میں وقت کے لحاظ سے ورک کرنے کی شرح اتنی ہی اہم ہوتی ہے جتنا اہم ورک کی مقدار ہے۔ فرض کریں آپ سیڑھی پر چڑھتے ہوئے ایک بلندی h تک پہنچتے ہیں (شکل نمبر 20)۔ لہٰذا آپ نے ورک کیا چونکہ آپ اپنے جسم کو اوپر لے کر جاتے ہیں۔ اگر آپ اسی سیڑھی پر دوڑ کر چڑھیں تو آپ اس بلندی پر کم وقت میں پہنچ جائیں گے۔ دونوں صورتوں میں کام کرنے کی مقدار برابر ہے چونکہ آپ ایک ہی w وزن کے جسم کو بلندی h تک لے کر جاتے ہیں لیکن جب آپ دوڑ کر چڑھتے ہیں تو زیادہ تھکاوٹ محسوس کرتے ہیں۔ برعکس اس کے جب آپ آہستہ سے چل کر جاتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ آپ نے تیزی سے اوپر جانے میں زیادہ انرجی خرچ کی ہے۔



شکل 20

www.ilmkidunya.com

مثال: پاور کے تصور کو ہم ایک الیکٹرک موٹر یا واٹر پمپ کی مثال سے بھی واضح کر سکتے ہیں۔ ایک چھوٹی موٹر کی نسبت بڑی موٹر اسی وقت میں زیادہ پانی اوپر کھینچتی ہے۔ اسے یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ بڑی موٹر کی پاور چھوٹی موٹر کی نسبت زیادہ ہے۔

حسابی فارمولا: حسابی طور پر

$$\text{پاور} = \frac{\text{ورک}}{\text{وقت}}$$

اگر ورک W اور ٹائم t ہو تو پاور P کو ہم یوں لکھ سکتے ہیں:

$$P = \frac{W}{t} \quad \ldots\ldots\ldots (1)$$

سکیلر مقدار: چونکہ ورک اور وقت دونوں سکیلر مقدار میں ہیں لہٰذا مساوات (1) کے حوالے سے پاور بھی ایک سکیلر مقدار ہے۔

سوال 17: واٹ کی تعریف کریں۔

جواب: واٹ (Watt): ایک جول فی سیکنڈ ورک کی شرح ایک واٹ ہوتی ہے۔

$$1\,W = \frac{1J}{1s} = Js^{-1}$$

پاور کے بڑے یونٹس: پاور کے بڑے یونٹس کلو واٹ اور میگا واٹ ہیں۔

$$1\ kW = 10^3 W$$
$$1\ MW = 10^6 W$$

ہارس پاور (Horse Power): برٹش انجینئرنگ سسٹم میں پاور کا یونٹ ہارس پاور کہلاتا ہے۔ جو 746W کے برابر ہوتا ہے۔

$$\boxed{1hp = 746W}$$

سوال:18: ایفی شینسی کیا ہے؟ حسابی مساوات لکھیں۔

جواب: ایفی شینسی (Efficiency): کارآمد آؤٹ پٹ انرجی اور کل اِن پٹ انرجی کی نسبت کسی سسٹم کی ایفی شینسی کہلاتی ہے۔

وضاحت: کسی ورکنگ سسٹم کی ایفی شینسی سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ اسے مہیا کردہ انرجی میں سے کتنی کارآمد انرجی ورک میں تبدیل ہوتی ہے۔ اور کتنی انرجی ضائع ہو جاتی ہے۔ مہیا کردہ انرجی کو اِن پٹ انرجی (Input energy) اور مطلوبہ شکل میں تبدیل ہونے والی انرجی کو آؤٹ پٹ انرجی (Output Energy) کہتے ہیں۔

حسابی مساوات:

$$\text{ایفی شینسی} = \frac{\text{کارآمد آؤٹ پٹ انرجی}}{\text{کل اِن پٹ انرجی}}$$

ایفی شینسی اکثر فیصد کی صورت میں بیان کی جاتی ہے۔ لہٰذا اسے 100 سے ضرب دیتے ہیں:

$$\text{فیصد ایفی شینسی} = \frac{\text{کارآمد آؤٹ پٹ انرجی}}{\text{کل اِن پٹ انرجی}} \times 100$$

اسے یوں بھی لکھا جا سکتا ہے:

$$\text{فیصد ایفی شینسی} = \frac{\text{کارآمد آؤٹ پٹ انرجی}}{\text{کل اِن پٹ پاور}} \times 100 \quad \ldots\ldots\ldots (1)$$

www.ilmkidunya.com


یہ دیکھا گیا ہے کہ کارآمد آؤٹ پٹ انرجی ہمیشہ کل ان پٹ انرجی سے کم ہوتی ہے۔ کسی بھی انرجی تبادلے کی صورت میں کچھ انرجی حرارت کی شکل میں ضائع ہو جاتی ہے۔ کوئی ایسی مشین ابھی تک ایجاد نہیں ہوئی جو تمام ان پٹ کو کارآمد یا مطلوبہ آؤٹ پٹ انرجی میں تبدیل کر دے۔ اس لیے کوئی بھی سسٹم 100 فیصد ایفی شینٹ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ انرجی کا ضائع ہونا ناگزیر عمل ہے۔ ہر سسٹم کے متحرک حصوں میں فرکشن کی وجہ سے انرجی ضائع ہوتی ہے جو حرارت وغیرہ کی شکل میں اردگرد کے ماحول میں منتشر ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ایک مثالی یا لگاتار کام کرنے والی مشین نہیں بنائی جا سکتی۔

سوال 19: لگاتار انرجی پیدا کرنے والی مشین کیا ہے؟

جواب: لگاتار انرجی پیدا کرنے والی مشین (Perpetual Energy Machine): یہ ایک مفروضی مشین ہے جو بغیر کسی بیرونی ذریعہ انرجی کے لگاتار کام کر سکتی ہو۔ جو خرچ کردہ انرجی سے زیادہ انرجی پیدا کر سکے یعنی بغیر کسی ان پٹ کے انرجی پیدا کر سکے جو کہ ناممکن ہے۔ کسی بھی سسٹم میں کچھ نہ کچھ انرجی ہمیشہ اس کے متحرک حصوں میں فرکشن یا ہوا کی مزاحمت کے خلاف کام کرتے ہوئے حرارت کے طور پر اردگرد کے ماحول میں منتشر ہو جاتی ہے۔ لہٰذا کوئی بھی مشین بغیر کسی بیرونی انرجی سپلائی کے متواتر کام نہیں کر سکتی۔ دراصل یہ انرجی کنزرویشن کیا اصول کا منطقی نتیجہ ہے کہ ایک لگاتار کم کرنے والی مشین بنانا ناممکن ہے۔

اہم سوالات

آپ کی معلومات کے لیے



سوال نمبر 1: ایک تنے ہوئے تیر کمان سے تیر کیوں نکلتا ہے؟

جواب: ایک تنے ہوئے تیر گمان میں انرجی ہوتی ہے جو تیر کو منتقل ہو جاتی ہے۔ بعض تیر کمان 1 کلومیٹر فاصلے تک بھی تیر پھینک سکتے ہیں۔

سوال نمبر 2: مادہ اور انرجی ایک دوسرے میں کیسے تبدیل ہوتے ہیں؟

جواب: آئن سٹائن کی تھیوری کے مطابق مادہ اور انرجی ایک دوسرے میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔ نیوکلیائی تعاملات کے دوران ماس میں کچھ کمی بہت زیادہ انرجی کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے اسی طرح انرجی کو میٹریل پارٹیکل میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا مادہ اور انرجی کنزرویشن کے قانون کے علیحدہ علیحدہ بیان کرنے کی بجائے اسے ماس اور انرجی کنزرویشن کا قانون کہتے ہیں۔

سوال نمبر 3: انرجی کے ذرائع کے فوائد اور نقصانات تحریر کریں۔

جواب: ذرائع انرجی کے معاشی، سماجی اور ماحولیاتی اثرات: انرجی کا ایک عام ذریعہ فوسل فیولز ہیں جو بہت مہنگے ہیں اور پولیوشن کے ذمہ دار ہیں جس سے انسانی صحت شدید متاثر ہوتی ہے۔ اس کے مقابلے میں ہائڈرو الیکٹرک سستی پڑتی ہے اور پولیوشن بھی پیدا نہیں کرتی۔ اس کا ایک ہی منفی اثر ہے کہ اس کے قریبی علاقے سیم زدہ ہو جاتے ہیں۔ سولر ونڈ اور ٹائڈل انرجی (Tidal Energy) بھی پولیوشن پیدا نہیں کرتیں لیکن ان کا ابتدائی خرچہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ نیوکلیئر انرجی بھی ایک اچھا ذریعہ ہے یہ سستا بھی پڑتا ہے اور بڑھتی ہوئی ضروریات کو با آسانی پورا کر سکتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

آپ کی اطلاع کے لیے

سوال نمبر1: مختلف مراحل میں انرجی کی مدار بتائیں۔

جواب: ☆ انسانی دل کی ایک دھڑکن میں 0.5 J ورک ہوتا ہے۔

☆ دوسری جنگ عظیم میں ہیروشیما جاپان میں گرائے جانے والے نیوکلیئر بم سے (8.0×10^{13} J) جول انرجی پیدا ہوئی تھی۔

☆ ایک عام بھی گھر کی سالانہ پیداوار 10^{16} تک ہوتی ہے۔




سوال نمبر2: فوسل فیول کا بنیادی استعمال تحریر کریں۔

جواب: الیکٹریسٹی کی ایجاد سے پہلے فوسل فیول کا بنیادی استعمال روشنی اور حرارت کا حصول تھا۔

سوال نمبر2: سولر پاور کار نے سولر مقابلے کی ریس کب جیتی؟

جواب: سولر پاور سے چلنے والی کار جس نے 1993ء میں آسٹریلیا میں سولر مقابلے کی ریس جیتی۔



سوال نمبر3: کونسے ممالک جیوتھرمل انرجی استعمال کرتے ہیں؟ وجہ تحریر کریں۔

جواب: جاپان، روس، اٹلی، نیوزی لینڈ اور امریکہ میں جیوتھرمل انرجی کافی مقدار میں استعمال ہو رہی ہے جبکہ آئس لینڈ میں 85 فیصد گھروں کو گرم کرنے کے لیے یہی انرجی استعمال پیدا ہوتی ہے۔ اس کا خرچ تیل کی نسبت ایک تہائی ہوتا ہے۔

سوال نمبر4: سٹیم انجن کا موجد کون تھا؟

جواب: سکاٹش انجینئر جیمز واٹ (1736-1819) کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے پاور کے یونٹ کا نام واٹ رکھا گیا۔ وہ سٹیم انجن کا موجد تھا۔

سوال نمبر5: آئیڈیل مشین کیا ہے؟

جواب: ایسی مشین جس کی کارآمد آؤٹ پٹ اس کی کل ان پٹ انرجی کے برابر ہو، یعنی ایفی شینسی 100 فیصد ہو۔ ایک آئیڈیل مشین کہلاتی ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟



سوال نمبر1: رولر کوسٹر میں کونسی انرجی تبدیل ہوتی ہے؟

جواب: رولر کوسٹر میں ٹرین کی پوٹینشل انرجی ہر لمحے تبدیل ہوتی ہے۔

سوال نمبر2: پچھلی صدی میں کونسی انرجی ٹرین چلانے میں مدد کرتی تھی؟

جواب: پچھلی صدی میں تھرمل انرجی جو کہ کوئلہ کو بوائلر میں جلا کر حاصل کر جاتی تھی، ٹرین چلانے میں سٹیم کا حصول تھا۔

سوال نمبر3: چرنوبل کا نیوکلیئر ری ایکٹر کا حادثہ کب پیش آیا؟

جواب: 1986ء میں چرنوبل کے نیوکلیئر ری ایکٹر کے حادثہ میں بہت سارے لوگ، جانور و مویشی اور فصلیں متاثر ہوئیں۔ اگرچہ اموات صرف 31 تھیں لیکن چھ لاکھ لوگ شدید متاثر ہوئے۔

آپ کی اطلاع کے لیے

سوال نمبر1: مختلف مراحل میں انرجی کی مقدار بتائیں۔

جواب: ☆ انسانی دل کی ایک دھڑکن میں 0.5 J ورک ہوتا ہے۔

☆ دوسری جنگ عظیم میں ہیروشیما جاپان میں گرائے جانے والے نیوکلیئر بم سے $(8.0 \times 10^{13}\ J)$ جول انرجی پیدا ہوئی تھی۔

☆ ایک عام بھی گھر کی سالانہ پیداوار 10^{16} تک ہوتی ہے۔


سوال نمبر2: فوسل فیول کا بنیادی استعمال تحریر کریں۔



جواب: الیکٹریسٹی کی ایجاد سے پہلے فوسل فیول کا بنیادی استعمال روشنی اور حرارت کا حصول تھا۔

سوال نمبر2: سولر پاور کار نے سولر مقابلے کی ریس کب جیتی؟

جواب: سولر پاور سے چلنے والی کار جس نے 1993ء میں آسٹریلیا میں سولر مقابلے کی ریس جیتی۔



سوال نمبر3: کونسے ممالک جیوتھرمل انرجی استعمال کرتے ہیں؟ وجہ تحریر کریں۔

جواب: جاپان، روس، اٹلی، نیوزی لینڈ اور امریکہ میں جیوتھرمل انرجی کافی مقدار میں استعمال ہوتی ہے۔ آئس لینڈ میں 85 فیصد گھروں کو گرم کرنے کے لیے یہی انرجی استعمال پیدا ہوتی ہے۔ اس کا خرچ تیل کی نسبت ایک تہائی ہوتا ہے۔


سوال نمبر4: سٹیم انجن کا موجد کون تھا؟

جواب: سکاٹش انجینئر جیمز واٹ (1736-1819) کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے پاور کے یونٹ کا نام واٹ رکھا گیا۔ وہ سٹیم انجن کا موجد تھا۔

سوال نمبر5: آئیڈیل مشین کیا ہے؟

جواب: ایسی مشین جس کی کارآمد آؤٹ پٹ اس کی کل ان پٹ انرجی کے برابر ہو، یعنی ایفی شینسی 100 فیصد ہو۔ ایک آئیڈیل مشین کہلاتی ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟



سوال نمبر1: رولر کوسٹر میں کونسی انرجی تبدیل ہوتی ہے؟

جواب: رولر کوسٹر ٹرین کی پوٹینشل انرجی ہر لمحے تبدیل ہوتی ہے۔

سوال نمبر2: پچھلی صدی میں کونسی انرجی ٹرین چلانے میں مدد کرتی تھی؟

جواب: پچھلی صدی میں تھرمل انرجی جو کہ کوئلہ کو بوائلر میں جلا کر حاصل کی جاتی تھی، ٹرین چلانے میں سٹیم کا حصول تھا۔

سوال نمبر3: چرنوبل کا نیوکلیئر ری ایکٹر کا حادثہ کب پیش آیا؟

جواب: 1986ء میں چرنوبل کے نیوکلیئر ری ایکٹر کے حادثہ میں بہت سارے لوگ، جانور و مویشی اور فصلیں متاثر ہوئیں۔ اگرچہ اموات صرف 31 تھیں لیکن چھ لاکھ لوگ شدید متاثر ہوئے۔

www.ilmkidunya.com

سوال نمبر4: فوسل فیولز کے جلنے سے ہر سال کاربن ڈائی آکسائیڈ کی کتنی مقدار بنتی ہے؟

جواب: فوسل فیولز کے جلانے سے ہر سال بلین ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ کا ہماری فضا میں اضافہ ہوتا ہے۔

سوال نمبر5: اہم برقی آلات کی اوسطاً پاور بتائیں۔

جواب:

برقی آلات	پاور (واٹس)	برقی آلات	پاور (واٹس)	برقی آلات	پاور (واٹس)	برقی آلات	پاور (واٹس)
انرجی سیور	23	ٹیوب لائٹ	40	الیکٹرک فین	80	بلب	100
ٹیلی ویژن	200	واشنگ مشین	250	ریفریجریٹر	600	الیکٹرک استری	1000
ٹاؤسٹر	1000	مائیکرو ویو اوون	1200	ایئر کنڈیشنر	2500		

سوال نمبر6: چار سسٹم کی اوسط ایفی شینسی تحریر کریں۔

جواب:

سرگرمی	اوسط ایفی شینسی (%)	سرگرمی	اوسط ایفی شینسی (%)
ڈیزل انجن	35	پیٹرول انجن	25
الیکٹرک موٹر	80	بائیسکل	15

اہم نکات

- جب کوئی فورس کسی جسم پر عمل کرتے ہوئے اسے فورس کی سمت میں حرکت دیتی ہے تو فورس اور طے کردہ فاصلے کے حاصل ضرب کو ورک کہتے ہیں۔
- ایک جول ورک کی وہ مقدار ہے جو ایک نیوٹن فورس اپنی ہی سمت میں کسی جسم کو ایک میٹر تک حرکت دیتی ہے۔
- کسی جسم کے ورک کرنے کی صلاحیت کو انرجی کہتے ہیں۔ اس کا یونٹ بھی جول ہے۔
- متحرک جسم کے کام کرنے کی صلاحیت کو کائی نیٹک انرجی کہتے ہیں۔
- گریوی ٹیشنل پوٹینشل انرجی کسی جسم کے کام کرنے کی وہ صلاحیت جو اس کے گریوی ٹیشنل فیلڈ میں اس کی پوزیشن کے حوالے سے ہوتی ہے۔
- کسی سپرنگ کو دبانے یا کھینچنے سے انرجی اس میں سٹور ہو جاتی ہے، اسے ایلاسٹک پوٹینشل انرجی کہتے ہیں۔
- کوئلہ، تیل اور گیس کے جلنے سے جو انرجی پیدا ہوتی ہے اسے فوسل فیول انرجی کہتے ہیں۔
- بلندی سے گرتے ہوئے پانی کی کائی نیٹک انرجی سے الیکٹریسٹی کی پیداوار کو ہائڈرو الیکٹرک انرجی کہتے ہیں۔
- سورج کی روشنی سے الیکٹریسٹی حاصل کرنے کو سولر انرجی کہتے ہیں۔
- ایٹم کے نیوکلیس کی تقسیم سے پیدا ہونے والی انرجی نیوکلیئر انرجی کہلاتی ہے۔
- زمین کے نیچے گرم چٹانوں میں موجود انرجی جیوتھرمل انرجی کہلاتی ہے۔
- تیز ہوا کی کائی نیٹک انرجی سے الیکٹریسٹی کی پیداوار کو وِنڈ انرجی کہتے ہیں۔
- گلے سڑے نامیاتی مٹیریل سے جو بائیو گیس یا ایتھانول (Ethanol) حاصل ہوتی ہے اسے بائیو فیول انرجی کہتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

- وقت کے حوالے سے کام کرنے کی شرح کو پاور کہتے ہیں۔
- اگر ایک سیکنڈ میں ایک جول ورک ہو تو پاور ایک واٹ ہوتی ہے۔
- کارآمد ورک آؤٹ پٹ اور کل انرجی ان پٹ کی نسبت کی سسٹم کی ایفی شینسی کہلاتی ہے۔

مشقی سوالات

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

5.1 زیادہ سے زیادہ ورک تب ہوگا جب فورس F اور ڈس پلیسمنٹ d میں زاویہ ہوگا:

(الف) 0^o (ب) 30^o (ج) 60^o (د) 90^o

5.2 بنیادی یونٹس کے حوالے سے جول برابر ہے:

(الف) $kg\ ms^{-2}$ (ب) $kg\ ms^{-1}$ (ج) $kg\ m^2\ s^{-3}$ (د) $kg\ m^2\ s^{-2}$

5.3 پاور کا SI یونٹ ہے:

(الف) جول (ب) نیوٹن (ج) واٹ (د) سیکنڈ

5.4 ایک واٹر پمپ کی پاور 2KW ہے۔ یہ ایک منٹ میں کتنا پانی 5 میٹر کی بلندی تک اٹھا سکتا ہے؟

(الف) 1000 لٹر (ب) 1200 لٹر (ج) 2000 لٹر (د) 2400 لٹر

5.5 0.05 کلوگرام ایک بُلٹ کی سپیڈ $300\ ms^{-1}$ ہے۔ اس کی کائی نیٹک انرجی کتنی ہوگی؟

(الف) 2250 J (ب) 4500 J (ج) 1500 J (د) 1125 J

5.6 اگر کسی جسم کی ولاسٹی دوگنا ہو جائے تو اس کی کائی نیٹک انرجی کتنی ہوگی؟

(الف) وہی رہتی ہے (ب) دوگنا ہو جاتی ہے (ج) تین گنا ہو جاتی ہے (د) چار گنا ہو جاتی ہے

5.7 پوزیشن کی وجہ سے کسی جسم کی انرجی:

(الف) کائی نیٹک انرجی (ب) پوٹینشل انرجی (ج) کیمیکل انرجی (د) سولر انرجی

5.8 کسی جسم کا مومینٹم اگر دوگنا ہو جائے تو اس کی کائی نیٹک انرجی کتنی ہوگی؟

(الف) دوگنا ہو جائے گی (ب) چار گنا ہو جائے گی (ج) آدھی رہ جائے گی (د) اُتنی ہی رہ جائے گی

5.9 درج ذیل میں کونسا ناقابل تجدید انرجی کا ذریعہ ہے؟

(الف) ہائڈرو الیکٹرک انرجی (ب) فوسل فیول انرجی (ج) وِنڈ انرجی (د) سولر انرجی

جوابات

5.1	(الف)	5.2	(د)	5.3	(ج)	5.4	(د)	5.5	(الف)
5.6	(د)	5.7	(ب)	5.8	(ب)	5.9	(ب)	—	—

- وقت کے حوالے سے کام کرنے کی شرح کو پاور کہتے ہیں۔
- اگر ایک سیکنڈ میں ایک جول ورک ہو تو پاور ایک واٹ ہوتی ہے۔
- کارآمد ورک آؤٹ پٹ اور کل انرجی ان پٹ کی نسبت کی سسٹم کی ایفی شینسی کہلاتی ہے۔

www.ilmkidunya.com



مشقی سوالات

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

5.1 زیادہ سے زیادہ ورک تب ہوگا جب فورس F اور ڈس پلیسمنٹ d میں زاویہ ہوگا:

(الف) 0^o (ب) 30^o (ج) 60^o (د) 90^o

5.2 بنیادی یونٹس کے حوالے سے جول برابر ہے:

(الف) $kg\ ms^{-2}$ (ب) $kg\ ms^{-1}$ (ج) $kg\ m^2\ s^{-3}$ (د) $kg\ m^2\ s^{-2}$

5.3 پاور کا SI یونٹ ہے:

(الف) جول (ب) نیوٹن (ج) واٹ (د) سیکنڈ

5.4 ایک واٹر پمپ کی پاور 2KW ہے۔ یہ ایک منٹ میں کتنا پانی 5 میٹر کی بلندی تک اٹھا سکتا ہے؟

(الف) 1000 لٹر (ب) 1200 لٹر (ج) 2000 لٹر (د) 2400 لٹر

5.5 0.05 کلوگرام ایک بُلٹ کی سپیڈ $300\ ms^{-1}$ ہے۔ اس کی کائی نیٹک انرجی کتنی ہوگی؟

(الف) 2250 J (ب) 4500 J (ج) 1500 J (د) 1125 J

5.6 اگر کسی جسم کی ولاسٹی دوگنا ہو جائے تو اس کی کائی نیٹک انرجی کتنی ہوگی؟

(الف) وہی رہتی ہے (ب) دوگنا ہو جاتی ہے (ج) تین گنا ہو جاتی ہے (د) چار گنا ہو جاتی ہے

5.7 پوزیشن کی وجہ سے کسی جسم کی انرجی:

(الف) کائی نیٹک انرجی (ب) پوٹینشل انرجی (ج) کیمیکل انرجی (د) سولر انرجی

5.8 کسی جسم کا مومینٹم اگر دوگنا ہو جائے تو اس کی کائی نیٹک انرجی کتنی ہوگی؟

(الف) دوگنا ہو جائے گی (ب) چار گنا ہو جائے گی (ج) آدھی رہ جائے گی (د) اُتنی ہی رہ جائے گی

5.9 درج ذیل میں کونسا ناقابل تجدید انرجی کا ذریعہ ہے؟

(الف) ہائڈرو الیکٹرک انرجی (ب) فوسل فیول انرجی (ج) وِنڈ انرجی (د) سولر انرجی

جوابات

5.1	(الف)	5.2	(د)	5.3	(ج)	5.4	(د)	5.5	(الف)
5.6	(د)	5.7	(ب)	5.8	(ب)	5.9	(ب)	—	—

2- مختصر جوابات کے سوالات:

5.1 ورک کتنا ہوگا جب ایک جسم پر فورس لگائی جاتی ہے لیکن وہ ساکن رہتا ہے؟

جواب: ورک کی تعریف کے مطابق: ورک فورس اور فورس کی سمت میں طے کردہ ڈس پلیسمنٹ کے حاصل ضرب کے برابر ہے اگر کوئی جسم ریسٹ کی حالت میں رہے گا اور ڈس پلیسمنٹ صفر ہوگا تو ورک کی مقدار صفر ہوگی چاہے فورس کی مقدار کچھ بھی ہو۔

5.2 ایک آہستہ چلتی ہوئی کار کی کائی نیٹک انرجی ایک تیز رفتار موٹر سائیکل سے زیادہ ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے؟

جواب: جیسا کہ ہم جانتے ہیں

$$K.E. = \frac{1}{2}mv^2$$

کائی نیٹک انرجی کا انحصار ماس اور ولاسٹی دونوں پر ہے یہی وجہ ہے کہ ایک آہستہ چلتی ہوئی کار کی کائی نیٹک انرجی ایک تیز رفتار موٹر سائیکل سے زیادہ ہے کیونکہ کار کا ماس موٹر سائیکل کے ماس کی نسبت زیادہ ہے۔

5.3 ایک فورس F_1 10 سیکنڈ میں 5 جول ورک کرتی ہے۔ ایک دوسری فورس F_2 5 سیکنڈ میں 3 جول ورک کرتی ہے۔ کونسی فورس زیادہ پاور کی حامل ہے؟

جواب: جیسا کہ ہم جانتے ہیں

$$P = \frac{W}{T}$$

لہٰذا $P_1 = \frac{W_1}{T_1} = \frac{5}{10} = 0.5\,W$ ، $P_2 = \frac{W_2}{T_2} = \frac{3}{5} = 0.6\,W$

پس دوسری فورس F_2 زیادہ پاور کی حامل ہے۔

5.4 دوڑتی ہوئی خاتون سیڑھی پر چڑھتی ہے۔ اس دوران وہ 4500 جول گریوی ٹیشنل انرجی حاصل کر لیتی ہے۔ اگر وہ اسی سیڑھی پر پہلے سے دوگنا سپیڈ سے دوڑتی ہوئے چڑھے تو وہ کتنی پوٹینشل انرجی حاصل کرے گی؟

جواب: پوٹینشل انرجی کا انحصار کسی بھی صورت میں جسم کی سپیڈ پر نہیں ہوتا۔ پوٹینشل انرجی کا انحصار پوزیشن کی تبدیلی پر ہوتا ہے۔

5.5 ورک اور اس کے SI یونٹ کی تعریف کریں۔

جواب: ورک: فورس اور فورس کی سمت میں طے کردہ فاصلے کا حاصل ضرب ورک کے برابر ہوتا ہے۔

یونٹ: ورک کا SI یونٹ جول (J) ہے۔

جول: یہ ورک کی وہ مقدار ہے جو ایک نیوٹن فورس کی جس پر عمل کرتے ہوئے اسے ایک میٹر تک حرکت دیتی ہے۔

5.6 اگر ماس m کا ایک جسم بلندی h تک اُٹھایا جاتا ہے تو اس کی پوٹینشل انرجی درج ذیل ہوگی؟

جواب: اگر ماس m کا ایک جسم بلندی 'h' تک اُٹھایا جاتا ہے تو اس کی پوٹینشل انرجی کتنی ہوگی؟

$$P.E. = mgh$$

جبکہ g گریوی ٹیشنل ایکسلریشن ہے۔

5.7 ایک متحرک جسم کی کائی نیٹک انرجی معلوم کرنے کا فارمولا بتائیے۔

جواب: اگر ماس m کا ایک جسم ولاسٹی v سے حرکت کر رہا ہو تو اس کائی نیٹک انرجی درج ذیل ہوگی۔

www.ilmkidunya.com

$$K.E. = \frac{1}{2}mv^2$$

5.8 پاور سے کیا مراد ہے؟ اس کے SI یونٹ کی تعریف کریں۔

جواب: **پاور:** وقت کے لحاظ سے درک کرنے کی شرح کو پاور کہتے ہیں۔

یونٹ: پاور کا SI یونٹ واٹ (W) ہے۔

واٹ: ایک جول فی سیکنڈ ورک کی شرح ایک واٹ ہوتی ہے۔

5.9 کسی ورکنگ سسٹم کی ایفی شینسی سے کیا مراد ہے؟ ایک سسٹم کی ایفی شینسی 100 فیصد کیوں نہیں ہو سکتی؟

جواب: **ایفی شینسی:** ''کارآمد آؤٹ پٹ انرجی اور کل اِن پٹ انرجی کی نسبت کسی سسٹم کی ایفی شینسی کہلاتی ہے۔''

یہ دیکھا گیا ہے کہ کارآمد آؤٹ پٹ انرجی، ہمیشہ کل اِن پٹ انرجی سے کم ہوتی ہے۔ کسی بھی انرجی کے تبادلے کی صورت میں کچھ انرجی حرارت اور شور کی شکل میں ضائع ہو جاتی ہے۔ کوئی ایسی مشین ابھی تک ایجاد نہیں ہوئی جو تمام اِن پٹ انرجی و کارآمد یا مطلوبہ آؤٹ پٹ انرجی میں تبدیل کر دے یہی وجہ ہے کہ کسی بھی سسٹم کی ایفی شینسی 100 فیصد نہیں ہو سکتی۔

5.10 قابل تجدید انرجی اور نا قابل تجدید انرجی ذرائع میں کیا فرق ہے؟

جواب:

قابل تجدید ذرائع	نا قابل تجدید ذرائع
(i) انرجی کے ایسے ذرائع جن کے استعمال ہونے کے بعد ان کا بدل موجود ہو، قابل تجدید ذرائع کہلاتے ہیں۔	(ii) اگر ان ذرائع کی تجدید نہ کی جا سکے اور مسلسل استعمال کے بعد ان میں مسلسل کمی آتی رہے تو انھیں نا قابل تجدید ذرائع کہتے ہیں۔ یہ اگر ایک دفعہ ختم ہو جائیں تو آسانی سے ان کا بدل نہیں مل سکتا۔
(i) قابلِ تجدید انرجی کے ذرائع میں ہائڈرو الیکٹرک، سولر، وِنڈ، مدوجزر، سمندری ویوز اور جیوتھرمل انرجی کے ذرائع شامل ہیں۔ استعمال کے ساتھ ساتھ ان کی تجدید ہوتی رہتی ہے۔ مثلاً بارش اور برفباری جاری عمل ہے لہٰذا ڈیم کی جھیل کو پانی کی سپلائی جاری رہتی ہے اور ہائڈرو الیکٹرک پاور کے ختم ہونے کا خدشہ نہیں رہتا۔ اسی طرح سولر انرجی کا حصول بھی ہمیشہ رہتا ہے۔ وِنڈ انرجی اور مدوجزر کے ذرائع سے انرجی کا حصول بھی اسی طرح ہے۔ مستقبل میں ان کے ختم ہونے کا خدشہ نہیں ہے۔	(ii) نا قابلِ تجدید ذرائع میں فوسل فیولز اور نیوکلیئر انرجی شامل ہیں۔ فوسل فیولز دراصل ان قدیم پودوں اور جانوروں سے وجود میں آتے ہیں جو زمین میں دب گئے اور لاکھوں سال کے عمل کے بعد وہ فوسل فیولز میں تبدیل ہو گئے۔ ان کے ذخائر محدود ہیں۔ ایک دفعہ یہ ختم ہو جائیں تو ان کی تجدید کے لیے لاکھوں سال انتظار کرنا پڑے گا۔ اسی طرح نیوکلیئر انرجی کے لیے ضروری فیول بھی محدود ہیں۔ چونکہ انرجی کی طلب بڑھتی جا رہی ہے اس لیے غیر روایتی قابلِ تجدید ذرائع کو ترقی دینا ضروری ہے۔

-3 تعمیری فکر کے سوالات

5.1 کیا کسی جسم کی کائی نیٹک انرجی منفی ہو سکتی ہے؟

جواب: **کائی نیٹک انرجی کبھی منفی نہیں ہو سکتی کیونکہ:**

☆ ماس ہمیشہ مثبت ہوتا ہے۔ ☆ ولاسٹی/سپیڈ کا مربع بھی ہمیشہ مثبت ہوتا ہے۔

☆ مثبت مقداروں کا حاصل ضرب بھی ہمیشہ مثبت ہوتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

5.2 کس کی انرجی زیادہ ہوگی؟ ایک جسم ولاسٹی v سے حرکت کر رہا ہے یا دوسرا اس سے دوگنا بھاری جسم پہلے جسم کے مقابلے آدمی ولاسٹی سے حرکت کر رہا ہے۔

جواب: پہلے جسم کی انرجی زیادہ ہوگی۔

وجہ: پہلے جسم کے لیے:

ماس = m

ولاسٹی = v

$$(K.E.)_1 = \frac{1}{2}mv^2$$

$$(K.E.)_1 = \frac{1}{2}mv^2 \quad \text{\_\_\_\_\_ (i)}$$

دوسرے جسم کے لیے:

$$\text{آدھی ولاسٹی} = v = \frac{v}{2}$$

$$\text{کائی نیٹک انرجی} = (K.E.)_2 = \frac{1}{2}(2m)\left(\frac{v}{2}\right)^2$$

$$(K.E)_2 = \frac{mv^2}{4}$$

$$(K.E)_2 = \frac{1}{4}mv^2 \quad \text{\_\_\_\_\_ (ii)}$$

مساوات (i) اور (ii) کا موازنہ کرنے سے

$$(K.E.)_1 > (K.E)_2$$

پس پہلے جسم کی انرجی زیادہ ہوگی۔

5.3 ایک کار ایک کروی سڑک پر یکساں سپیڈ سے حرکت کر رہی ہے۔ کیا اس کی کائی نیٹک انرجی تبدیل ہو رہی ہے؟

جواب: جی نہیں! اس کی کائی نیٹک انرجی تبدیل نہیں ہوگی۔

وجہ: کائی نیٹک انرجی سپیڈ پر منحصر ہے نہ کہ سمت پر کیونکہ کار کی سپیڈ یکساں ہے لہٰذا اس کی کائی نیٹک انرجی تبدیل نہیں ہوگی۔

5.4 ایک جسم میں ایک جول انرجی ہے اس بیان پر تبصرہ کریں۔

جواب: جملہ نامکمل ہے یعنی ایک جسم میں ایک جول انرجی ہے۔

وجہ: اس میں جسم کی بلندی یا پوزیشن کا ذکر نہیں ہوا۔

درست جملہ: ایک جسم جس کا ماس m کلوگرام ہے کو 'h' میٹر کی بلندی تک لے جایا گیا جس سے جسم نے 1 جول انرجی حاصل کی۔

5.5 موٹروے پر سفر کے دوران کچھ گاڑیوں کے ٹائر پھٹ جاتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: موٹروے پر سفر کے دوران گاڑیوں کے ٹائر پھٹ جانے کی سب سے ممکنہ وجہ ٹائروں میں ہوا کے پریشر کا بڑھنا ہے کیونکہ سفر کے دوران ٹائر اور سڑک کے مابین فزکس کی وجہ سے ٹائر کا ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے۔ جس وجہ سے ٹائر میں موجود ہوا پھیلتی ہے اور ہوا ٹائر پر پریشر بڑھاتی ہے اگر پریشر حد سے بڑھ جائے تو ٹائر پھٹ جاتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

5.6 سٹریٹ میں کرکٹ کھیلتے ہوئے ایک بال کھڑکی سے ٹکرا کر شیشہ توڑ دیتی ہے۔ اس واقع میں انرجی کی مختلف شکلوں میں تبدیلی بیان کریں۔


جواب: بال میں حرکت کی وجہ سے کائی نیٹک انرجی ہوگی جیسے ہی بال کو ہٹ لگائی جاتی ہے بال کی کائی نیٹک انرجی پوٹینشل انرجی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ جیسے ہی بال کھڑکی کے شیشے سے ٹکراتی ہے تو پوٹینشل انرجی آواز کی انرجی اور ہیٹ انرجی میں بدل جاتی ہے۔

5.7 پانی کے بہاؤ کی مخالف سمت میں کشتی چلاتے ہوئے ایک شخص ساحل کی نسبت سے ساکن ہے۔ کیا وہ ورک کر رہا ہے؟

جواب: فزکس کے مطابق، ورک اُس وقت عمل میں آتا ہے جب کوئی جسم فورس لگنے سے کچھ فاصلہ طے کرے۔ جبکہ آدمی پانی کے بہاؤ کی مخالف سمت میں کشتی چلاتے ہوئے ساحل کی نسبت سے ساکن ہے۔ اس لیے کوئی فاصلہ طے نہیں کیا۔ چونکہ ڈس پلیسمنٹ صفر ہے لہٰذا ورک بھی صفر ہی ہوگا۔

5.8 ڈھلوان پہاڑی کی چوٹی سے ایک سائیکلسٹ بغیر پیڈل گھمائے دوسری پہاڑی کی چوٹی تک چلا جاتا ہے۔ اس واقع کی حرکت کی شکل بنائیں اور اس واقع کا پوٹینشل انرجی اور کائی نیٹک انرجی کے حوالے سے تجزیہ کریں۔

جواب: (i)



(ii) پہلی پہاڑی کی چوٹی پر (پوائنٹ A)، پوٹینشل انرجی زیادہ سے زیادہ ہوگی اور کائی نیٹک انرجی صفر ہوگی۔ چونکہ سائیکلسٹ چوٹی سے نیچے آیا (پوائنٹ B)۔ ان پوائنٹ پر اس کی ساری پوٹینشل انرجی، کائی نیٹک انرجی میں بدل جاتی ہے۔

پوائنٹ B پر کائی نیٹک انرجی زیادہ سے زیادہ ہوگی اور پوٹینشل انرجی صفر ہوگی۔ پھر اس کائی نیٹک انرجی کو استعمال کر کے سائیکلسٹ دوسری پہاڑی کی چوٹی (پوائنٹ C) پر پہنچ جائے گا۔ پوائنٹ C پر انرجی دوبارہ بدل جائے گی۔ پوائنٹ پر اس کی پوٹینشل انرجی زیادہ سے زیادہ ہوگی اور کائی نیٹک انرجی صفر ہوگی۔

5.9 حرارتی انرجی کے حوالے سے درختوں کی لکڑی کیا قابل تجدید انرجی ہے؟

جواب: جی ہاں! حرارتی انرجی کے حوالے سے درختوں کی لکڑی قابل تجدید انرجی ہے۔

وجہ: لکڑی ایک بائیو ماس فیول ہے جو نئے درخت لگانے سے وقت پر دوبارہ تیار ہو جاتے ہیں۔ جیسے جیسے ہم نئے درخت لگاتے جائیں گے ویسے ہی ہمیں وقت پر حرارت کے لیے درختوں کی لکڑی میسر آتی جائے گی۔

4- تفصیلی سوالات

5.1 کائی نیٹک انرجی سے کیا مراد ہے؟ اس کا یونٹ لکھیں۔ یہ انرجی کیسے معلوم کی جاتی ہے؟

جواب: جواب کے لیے دیکھیں سوال نمبر 5

www.ilmkidunya.com

5.2 انرجی کنزرویشن کا قانون بیان کریں۔ کیسی بلندی سے گرتے ہوئے جسم کی مثال کے ذریعے اس کی پوٹینشل انرجی اور کائی نیٹک انرجی کے حوالے سے وضاحت کریں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیں سوال نمبر 7

5.3 انرجی کے قابل تجدید اور نا قابل تجدید ذرائع میں فرق واضح کریں۔ ان دونوں کی تین تین مثالیں دیں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیں سوال نمبر 14

5.4 کسی مشین کی ایفی شینسی سے کیا مراد ہے؟ اسے کیسے معلوم کیا جاتا ہے؟ کسی مشین کی ایفی شینسی کیوں محدود ہوتی ہے؟

جواب: جواب کے لیے دیکھیں سوال نمبر 19,18

5.5 بلاک ڈایاگرام بنا کر درج ذیل ذرائع سے الیکٹریسٹی جنریشن بیان کریں۔

(الف) ہائڈرو الیکٹرک پاور جنریشن (ب) فوسل فیولز

جواب: جواب کے لیے دیکھیں سوال نمبر 8

حسابی سوالات

5.1 20 نیوٹن کی فورس 60^o کے زاویہ پر عمل کرتی ہوئی ایک بکس کو 3 میٹر تک کھینچتی ہے۔ وہ کتنا ورک کرتی ہے؟

معلوم:

$$F = 20\ N$$
$$\theta = 60^o$$
$$S = 3m$$

مطلوب: $W = ?$ = کیا گیا ورک

حل: فارمولا:

$$W = F\ S \cos\theta$$
$$W = (20)\ (3) \cos 60^o$$
$$W = (60)\ (0.5)$$
$$\boxed{F = 30\ J}$$

جواب: کیا گیا ورک 30 J ہے۔

5.2 ایک جسم 8 نیوٹن فورس کے زیر عمل 5 میٹر تک سیدھی لائن میں چلتا ہے۔ اگر ورک 20 جول ہوا ہو تو معلوم کریں کہ فورس کس زاویہ پر عمل کر رہی تھی؟

معلوم:

$$S = 5m$$
$$F = 8N$$
$$w = 20J$$

مطلوب:

$$\theta = ?$$

حل:

www.ilmkidunya.com

کیا گیا ورک = $W = F\ S \cos\theta$

$20 = (8)\ (5) \cos\theta$

$20 = (40) \cos\theta$

$40 \cos\theta = 20$

$$\text{Cos}\ \theta = \frac{20}{40}$$

$\text{Cos}\ \theta = 0.5$

$\theta = \text{Cos}^{-1}\ (0.5)$

$\theta = 60^\circ$

جواب: فورس 60° کے زاویے پر عمل کرے گی۔

5.3 ایک انجن 100 کلوگرام پانی 25 سیکنڈ میں 80 میٹر بلندی تک اٹھاتا ہے۔اس انجن کی پاور کتنی ہوگی؟

معلوم:

$m = 100kg$

$h = 80m$

$t = 25s$

$g = 10\ ms^{-2}$

مطلوب:

پاور = $P = ?$

حل:

$W = mgh$

$= (100\ (10)\ (80)$

$W = 80000\ J$

فارمولا:

$$P = \frac{w}{t}$$

$$P = \frac{W}{T} = \frac{80000}{25} = 3200W$$

جواب: انجن کی پاور 3200 W ہے۔

5.4 20 کلوگرام کا ایک جسم ریسٹ پوزیشن میں ہے۔40 نیوٹن کی فورس اس پر 5 سیکنڈ تک عمل کرتی ہے۔وہ جسم اس وقت میں کتنی کائی نیٹک انرجی حاصل کرے گا؟

معلوم:

$m = 20\ kg$

$F = 40\ N$

$T = 5\ sec$

$vi = 0$

مطلوب:

کائی نیٹک انرجی = ?

ایکسلریشن = ?

www.ilmkidunya.com

حل: فارمولا

سب سے پہلے ہم 'a' معلوم کریں گے

$$a = F/m$$
$$a = 40/20$$
$$a = 2ms^{-2}$$

اب ہم 'v' معلوم کریں گے

$$v = vi + at$$
$$v = 0+(2\ ms^{-2})\ (5\ sec)$$

اب K.E. معلوم کریں گے

$$K.E. = \frac{1}{2}mv^2 = \frac{1}{2}(20)(10)^2$$

$$\boxed{K.E = 1000J}$$

جواب: جسم کی کائی نیٹک انرجی 1000 J ہے۔

5.5 **160** گرام کی ایک گیند **20** میٹر کی بلندی تک عموداً اوپر کی طرف پھینکی گئی ہے۔ اس بلندی پر گیند نے کتنی پوٹینشل انرجی حاصل کی ہوگی؟

معلوم:

$$m = 160\ g = 0.16\ kg$$

گریوی ٹیشنل ایکسلریشن $(g) = 10\ ms^{-2}$

بلندی $= h = 20\ m$

مطلوب: $P.E = ?$

حل:

$$P.E = mgh$$
$$P.E = (0.16)\ (10)\ (20)$$
$$P.E = 32\ J$$

جواب: گیند کی حاصل کی گئی پوٹینشل انرجی 32 J ہے۔

5.6 **140** گرام کی ایک گیند **35** میٹر فی سیکنڈ کی ابتدائی ولاسٹی کے ساتھ عموداً اوپر کی طرف پھینکی گئی ہے۔ یہ گیند کتنی بلندی تک اوپر جائے گی؟

معلوم:

ابتدائی ولاسٹی $(vi) = 35\ m/s$

آخری ولاسٹی $= v_f = 0ms^{-1}$

ماس $(m) = 0.14\ kg$

گریوی ٹیشنل ایکسلریشن $(a) = -10\ m/s^2$

(منفی کی علامت اوپر کی طرف حرکت کو ظاہر کرتی ہے)

مطلوب: زیادہ سے زیادہ بلندی $(S) = ?$

حل:

$$2aS = v_f^2 - v_i^2$$
$$2\ (-10)\ S = (0)^2 - (35)^2$$

www.ilmkidunya.com

$$(-20)\ S = -1225$$

$$S = \frac{1225}{20}$$

$$\boxed{S = 61.25\ m}$$

جواب: زیادہ سے زیادہ بلندی 61.25 میٹر ہے۔

5.7 ایک لڑکی جھولے پر جھول رہی ہے۔ جھولے پر اس کی کم سے کم بلندی گراؤنڈ سے 1.2 میٹر اور زیادہ سے زیادہ بلندی 2 میٹر رہتی ہے۔ اس کی زیادہ سے زیادہ ولاسٹی کتنی ہوگی اور کس مقام پر ہوگی؟

معلوم: زیادہ سے زیادہ بلندی پر لڑکی کی ساری انرجی پوٹینشل انرجی ہے۔ کم سے کم بلندی پر ساری انرجی کائی نیٹک انرجی میں بدل جاتی ہے۔

آخری ولاسٹی $= v_f = 0$, $g = 10\ ms^{-2}$, $h_1 = 2.0\ m$, $h_2 = 1.2\ m$

مطلوب:

زیادہ سے زیادہ ولاسٹی $= v = ?$

حل: سب سے پہلے ہم پوٹینشل انرجی میں تبدیلی معلوم کریں گے

$$\Delta P.E = mgh$$

$$\Delta P.E = mgh\ (h_1 - h_2)$$

$$\Delta P.E = m \times 10 \times (2.0 - 1.2)$$

$$\Delta P.E = 8\ m$$

اب ہم K.E. معلوم کریں گے

$$K.E. = \frac{1}{2}mv^2$$

زیادہ سے زیادہ کائی نیٹک انرجی معلوم کرنے کے لیے ہم کنزرویشن آف انرجی کا اصول استعمال کریں گے۔

$$K.E = P.E$$

$$8m = \frac{1}{2}mv^2$$


$$v^2 = 2 \times 10 \times 0.8$$

$$v^2 = 16$$

$$\sqrt{v^2} = \sqrt{16}$$

$$\boxed{v = 4\ ms^{-1}}$$

جواب: زیادہ سے زیادہ ولاسٹی $4\ ms^{-1}$ ہے یہ ہمیں جھولے کی کم ترین بلندی پر حاصل ہوگی۔



5.8 ایک شخص ایک گھاس کاٹنے والی مشین پر 50 نیوٹن کی فورس 450 کے زاویہ پر لگا رہا ہے 20 میٹر فاصلے پر اسے حرکت دینے کے لیے کتنا ورک کیا جائے گا؟

معلوم:

$F = 50\ N$

$\theta = 60^\circ$

$S = 20\ m$

www.ilmkidunya.com

مطلوب:

$W = ?$

حل: فارمولا


$$W = Fs \cos\theta$$
$$W = (50)\ (20) \cos 45^o$$
$$W = (1000)\ (0.707)$$
$$\boxed{W = 707\ J}$$

جواب: کیا گیا ورک 707 J ہے۔

5.9 ورک کی مقدار معلوم کریں اگر:

(i) 5 کلوگرام کا ایک بکس ہموار سلوپ پر 10 میٹر تک اوپر کی طرف دھکیلا جاتا ہے اور سلوپ کا زاویہ گراؤنڈ کے ساتھ 30^o کا ہو۔

(ii) بکس کو عموداً سلوپ کی بلندی تک اوپر اٹھانے کے لیے۔



معلوم:

(i) بکس ہموار سلوپ پر اوپر کی طرف دھکیلا جاتا ہے۔

(ماس) $m_1 = 5kg$

(فاصلہ) $d = 10\ m$

(زاویہ) $\theta = 30^o$

مطلوب: ورک = ?

حل: فورس معلوم کرنے کے لیے

$$F = mg \sin\theta$$
$$= (5) \times (10) \times \text{Sin}\ (30^o)$$
$$= (5) \times (10) \times 0.5$$
$$\boxed{F = 25\ N}$$

کیا گیا ورک معلوم کرنے لے لیے

$$W_1 = F \times d$$
$$W_1 = (25) \times (10)$$
$$\boxed{W_1 = 250\ J}$$

(ii) معلوم:

$d = 10m$

مطلوب:

$W_2 = ?$

بلندی معلوم کرنے کے لیے:

بلندی $(h) = d \sin\theta$

بلندی $(h) = (10) \times (\sin\ (30^o)$

www.ilmkidunya.com

$$= 10 \times 0.5$$

$$h = 5m$$

$$W_2 = P.E.$$

$$W_2 = mgh$$

$$W_2 = 5 \times 10 \times 5$$

$$\boxed{W_2 = 250\ J}$$

جواب: بکس کو بلندی پر لے جانے کے لیے 250J کام کرنا پڑے گا۔

5.10 **10 کلوگرام کا ایک بکس ایک ریمپ یا سلوپ پر 80 نیوٹن کی فورس لگا کر 15 میٹر تک دھکیلا جاتا ہے۔ اگر بکس اس دوران 5 میٹر کی بلندی حاصل کرے تو اس سسٹم کی ایفی شینسی کیا ہوگی؟**

معلوم:

$$\text{بکس کا ماس} = m = 10\ kg$$

$$\text{فاصلہ} = d = 15\ m$$

$$\text{فورس} = F = 80\ N$$

$$h = 5$$

مطلوب:

$$\text{ایفی شینسی } (\eta) = ?$$

حل: اِن پٹ ورک معلوم کرنے کے لیے

$$W = F \times d$$

$$= 80 \times 15$$

$$W = 1200\ J$$

آؤٹ پٹ ورک معلوم کرنے کے لیے

$$W = mgh$$ گریویٹی کے مخالف کیا گیا کام

$$= 10 \times 10 \times 5$$

$$W = 500\ J$$

ایفی شینسی کا فارمولا استعمال کرنے سے:

$$\text{فیصد ایفی شینسی} = \frac{\text{کارآمد آؤٹ پٹ انرجی}}{\text{کل اِن پٹ انرجی}} = 100\%$$

$$\eta = (500\ J / 1200\ J) \times 100\%$$

$$\boxed{\eta = 41.67\%}$$

جواب: ایفی شینسی 41.67% ہے۔

5.11 **600 نیوٹن کی ایک فورس ایک بکس پر عمل کرتے ہوئے اسے 15 سیکنڈ میں 5 میٹر تک دھکیلتی ہے۔ پاور معلوم کریں۔**

معلوم:

$$F = 600\ N$$

$$S = 5m$$

$$t = 15\ s$$

www.ilmkidunya.com

مطلوب:

پاور $(P) = ?$

حل: فارمولا:

کیا گیا کام معلوم کرنے کے لیے:

$$W = F \times S$$
$$W = 600\ N \times 5m$$
$$W = 3000\ J$$

پاور معلوم کرنے کے لیے:

$$\text{پاور} = \frac{\text{ورک}}{\text{وقت}}$$
$$P = \frac{W}{t}$$
$$P = \frac{3000J}{15s}$$
$$P = 200\ W$$

جواب: پاور 200 واٹ ہے۔

5.12 40 کلوگرام کا ایک لڑکا 10 میٹر بلند سیڑھی پر 8 سیکنڈ میں چڑھ جاتا ہے۔ اس نے کتنی طاقت لگائی؟

معلوم:

$$m = 40\ kg$$
$$h = 10\ m$$
$$t = 8\ s$$
$$g = 10ms^{-2}$$

مطلوب:

$$P = ?$$

حل: فارمولا

سب سے پہلے ہم کیا گیا ورک معلوم کریں گے:

$$W = mgh$$
$$W = 40 \times 10 \times 10$$
$$\boxed{W = 4000\ J}$$

اب ہم پاور معلوم کریں گے:

$$\text{پاور} = \frac{\text{کیا گیا ورک}}{\text{وقت}}$$
$$P = \frac{4000J}{8s} = 500\ watt$$

جواب: لڑکے نے 500W طاقت لگائی۔

www.ilmkidunya.com

5.13 ایک فورس F فاصلہ L تک ایک جسم پر عمل کرتی ہے۔ اس کے بعد فورس بڑھا کر 2F کر دی جاتی ہے جو 2F فاصلے تک عمل کرتی۔ ہے۔ اس کا فورس۔ ڈس پلیسمنٹ گراف بنائیں اور ورک کی کل مقدار معلوم کریں۔

معلوم:

$F_1 = F$
$F_2 = 2F$
$L_1 = L$
$L_2 = 2L$

مطلوب:


ورک کی کل مقدار = ?

حل:

ورک کی کل مقدار = پارٹ-1 کا کیا گیا ورک + پارٹ-2 کا کیا گیا ورک

$= FL + (2F)(2L)$
$= FL + 4FL$

ورک کی کل تعداد $= 5FL$



ڈس پلیسمنٹ گراف

جواب: ورک کی کل مقدار 5FL ہے

مثالیں

مثال: 5.1: ایک شخص ایک جسم کو 5 میٹر تک دھکیلنے کے لیے 200 J ورک کرتا ہے۔ اس کی لگائی گئی فورس معلوم کریں۔

معلوم:

ورک $= W = 200\ J$
فاصلہ $= S = 5\ m$

مطلوب:

فورس $= F = ?$

فارمولا:


$$W = F \times S \quad \text{or} \quad F = \frac{W}{S}$$

حل:

$$F = \frac{200J}{5m} = 40N \text{ Ans.}$$

www.ilmkidunya.com

مثال: 5.2: ورک کی مقدار معلوم کریں جب 65 N فورس ایک سوٹ کیس کو دی گئی شکل کے مطابق 20 میٹر تک کھینچتی ہے۔



حل: معلوم: عمل کردہ فورس $= F = 65\ N$

طے کردہ فاصلہ $= S = 20\ m$

زاویہ $= \theta = 30^o$

مطلوب: ورک $= W = ?$

فارمولا:

حل:

$$W = FS \cos 30^o$$

$$W = 65\ N \times 20\ m \times 0.866$$

$$\text{ورک} = W = 1125.8\ N\ m = 1125.8\ J$$

مثال: 5.3: 3000 کلوگرام کا ایک ٹرک یکساں ولاسٹی $54\ km^{-1}$ سے سڑک پر حرکت کر رہا ہے۔ اس کی کائی نیٹک انرجی معلوم کریں۔

معلوم: ٹرک کا ماس $m = 3000\ kg$

ولاسٹی $v = 54\ km\ h^{-1} = 15\ ms^{-1}$

مطلوب: کائی نیٹک انرجی $E_k = ?$

حل: فارمولا

$$E_k = \frac{1}{2}mv^2$$

فارمولے میں قیمتیں درج کرنے کے سے

$$E_k = \frac{1}{2} \times 3000\,kg \times (15)^2\ m^2 s^{-2}$$

$$E_k = 337500\ J = 337.5\ kJ$$

مثال: 5.4: 3000 کلوگرام کا ایک ٹرک یکساں ولاسٹی $54\ km^{-1}$ سے سڑک پر حرکت کر رہا ہے۔ اس کی کائی نیٹک انرجی معلوم کریں۔

معلوم: بال کا ماس $m = 180\ g = 0.18\ kg$

بلندی $h = 12\ m$

مطلوب: پوٹینشل انرجی $E_p = ?$

$g = 10 ms^{-2}$

فارمولا:

$$E_p = mgh$$

حل: قیمتیں درج کرنے سے

$$E_p = 0.18\ kg \times 10 ms^{-2} \times 12\ m = 21.6\ J$$

مثال: 5.5: 1000 کلوگرام کی کار $4\ ms^{-2}$ کے ایکسلریشن سے 50 m فاصلہ 5 سیکنڈ میں طے کرتی ہے۔ اس کے انجن کی پاور کتنی ہوگی؟

معلوم: کار کا ماس $m = 1000\ kg$

ایکسلریشن $a = 4\ ms^{-2}$

فاصلہ $S = 50\ m$

www.ilmkidunya.com

وقت $t = 5s$

مطلوب: پاور $P = ?$

حل: فارمولا: $F = ma$

پہلے ہم نیوٹن کے دوسرے قانون کو استعمال کر کے عمل کردہ فورس معلوم کریں گے:

$$F = ma = 1000\ kg \times 4ms^{-2} = 4000\ N$$

فارمولا: ورک $W = F \times S$


$$W = 4000N \times 50\ m = 2.0 \times 10^5 J$$

فارمولا: $P = \frac{W}{t}$

حل: W اور t کی قیمتیں درج کرنے سے

$$P = \frac{2.0 \times 10^5 J}{5s} = 4 \times 10^4\ W = 40kW$$

مثال: 5.6: 120 نیوٹن وزن کے ایک بلاک کو 100 N کی فورس لگا کر ایک سلوپ پر 10 میٹر بلندی تک گھسیٹا گیا ہے۔ اگر سلوپ کی لمبائی 20 میٹر ہو تو اس سسٹم کی ایفی شینسی معلوم کریں۔



معلوم: بلاک کا وزن $W = 120N$

عمل کردہ فورس $F = 100\ N$

فاصلہ $S = 20\ m$

بلندی $h = 10\ m$

مطلوب: ایفی شینسی $= ?$

فارمولا: $W = F \times S$

حل: بلاک کو اوپر اُٹھانے کے لیے کیا جانے والا کام $= F \times S = 100N \times 20\ m\ 2000\ J$

لہٰذا ان پٹ انرجی $= 2000\ J$

کارآمد آؤٹ پٹ انرجی = حاصل کردہ گریویٹیشنل انرجی $= Wh = 120\ N \times 10\ m = 1200\ J$

$$\text{فی صد ایفی شینسی} = \frac{\text{کارآمد آؤٹ پٹ انرجی}}{\text{کل ان پٹ انرجی}} \times 100$$

$$\text{فی صد ایفی شینسی} = \frac{1200J}{2000J} \times 100 = 60\%$$

www.ilmkidunya.com

کثیر الانتخابی معروضی سوالات

درست جواب کا انتخاب کریں۔

-1 اگر ایک جسم کی کائی نیٹک انرجی 25 J ہو اور ماس 2 kg ہو تو اُس کی سپیڈ ہوگی:

(الف) $5\ ms^{-1}$ (ب) $12.5\ ms^{-1}$ (ج) $25.5\ ms^{-1}$ (د) $50\ ms^{-1}$

-2 ایک ڈیم میں جمع ہونے والی انرجی ہے:

(الف) الیکٹریکل انرجی (ب) پوٹینشل انرجی (ج) کائی نیٹک انرجی (د) تھرمل انرجی

-3 کھچے ہوئے تیر کمان میں انرجی جمع ہوتی ہے:

(الف) ایلاسٹک پوٹینشل انرجی (ب) آواز کی انرجی (ج) حرارت کی انرجی (د) کائی نیٹک انرجی

-4 پاور کا SI یونٹ ہے۔

(الف) واٹ (ب) سیکنڈ (ج) ms^{-1} (د) ms^{-2}

-5 پاور کا فارمولا ہے:

(الف) $P = wt$ (ب) $= \frac{1200J}{2000J} \times 100 = 60\%$

(ج) $P = mv$ (د) $P = ma$

-6 مفید آؤٹ پٹ انرجی اور ان پٹ انرجی کے متناسب کو کہا جاتا ہے:

(الف) انرجی (ب) پاور (ج) ایفی شینسی (د) بائیوماس

-7 کیا گیا ورک صفر ہوگا جب فورس اور فاصلے کے درمیان زاویہ ہوگا:

(الف) 45^o (ب) 60^o (ج) 90^o (د) 180^o

-8 اگر کسی فورس کی حرکت کی سمت اُس جسم کی حرکت کی سمت کے عموداً ہو تو کیا گیا ورک ہوگا:

(الف) سب سے زیادہ (ب) سب سے کم (ج) صفر (د) ان میں سے کوئی نہیں

-9 کیے گئے ورک کا فارمولا ہے:

(الف) $W = F \times S$ (ب) $W = F \times t$ (ج) $W = \frac{F}{S}$ (د) $W = \frac{t}{F}$

-10 ورک، انرجی اور پاور کے درمیان کیا تعلق ہے؟

(الف) ورک انرجی کی منتقلی، پاور ہے ورک کی شرح (ب) انرجی کام کرنے کی صلاحیت ہے پاور انرجی کی منتقلی کی شرح ہے

(ج) پاور ورک اور انرجی کی پیداوار ہے (د) ورک انرجی اور پاور کی پیداوار ہے

-11 کسی بھی مشین کی زیادہ سے زیادہ ایفی شینسی کیا ہوگی؟

(الف) 50 (ب) 80 (ج) 20 (د) 100

-12 ورک کا SI یونٹ کیا ہے؟

(الف) ویبر (ب) نیوٹن (ج) نیوٹن سیکنڈ (د) جول

www.ilmkidunya.com

-13 ایک جول برابر ہے:

(الف) $\frac{1N}{1m}$ (ب) $1N \times 1m$ (ج) $\frac{1m}{1N}$ (د) $\frac{1N^2}{1m^2}$

-14 ایک ہارس پاور برابر ہوتی ہے:

(الف) 740 W (ب) 746 W (ج) 750 W (د) 756 W

-15 پاکستان بھی نیوکلیئر پاور سٹیشن چلا رہا ہے:

(الف) کراچی (ب) چشمہ

(ج) لاہور (د) (الف) اور (ب) دونوں

-16 سالٹرز ڈیک کے _____ حصے ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

-17 گندے پانی کو صاف کرنے کے بعد جو مٹی نیچے رہ جاتی ہے:

(الف) ڈائی جسٹر (ب) بائیو فیول (ج) سیوتج (د) بائیو ماس

-18 وہ انرجی جو بیٹریوں کے کیمیکلز میں ہوتی ہے:

(الف) گریوی ٹیشنل انرجی (ب) ایلاسٹک انرجی (ج) کیمیکلز پوٹینشل انرجی (د) تھرمل پوٹینشل انرجی

-19 پوٹینشل انرجی کا فارمولا ہے:

(الف) $P.E = mgh$ (ب) $P.E = \frac{mg}{h}$ (ج) $P.E = mh$ (د) $P.E = \frac{mg}{g}$

-20 اگر جسم کی ولاسٹی دوگنا ہو جائے تو اُس کی کائی نیٹک انرجی ہوگی:

(الف) ایک جیسی رہتی ہے (ب) دوگنا ہو جاتی ہے (ج) چار گنا ہو جاتی (د) آدھی رہ جاتی

-21 ان میں سے کون سی لائن درست ہے؟

(الف) کیے جانے والے ورک ہمیشہ انرجی میں تبدیلی کے برابر ہوتا ہے

(ب) کیے جانے والا ورک انرجی میں تبدیلی سے ہمیشہ بڑا یا زیادہ ہوتا ہے

(ج) کیے جانے والا ورک انرجی میں تبدیلی سے کم ہوتا ہے

(د) کیے جانے والا ورک ہمیشہ انرجی میں تبدیلی سے آزاد ہوتا ہے

-22 ایک گیند زمین سے 10m اوپر اٹھائی ہے اس کی پوٹینشل انرجی کو کیا ہوتا ہے:

(الف) کم ہوتی ہے (ب) ایک جیسی رہتی ہے (ج) زیادہ ہوتی ہے (د) صفر ہو جاتی ہے

-23 اس مشین کی ایفی شینسی کیا ہوگی جو 80% ان پٹ انرجی کو مفید کام میں تبدیل کر دیتی ہے؟

(الف) 20% (ب) 50% (ج) 80% (د) 100%

-24 کائی نیٹک انرجی کا فارمولا ہے؟

(الف) $K.E = mg$ (ب) $K.E = \frac{1}{2}mv^2$ (ج) $K.E = \frac{W}{t}$ (د) $K.E = \frac{1m}{2v^2}$

www.ilmkidunya.com

-25 کام کرنے کی شرح کہلاتی ہے:

(الف) انرجی (ب) ٹارک (ج) پاور (د) مومینٹم

-26 وہ انرجی جو اُس کی پوزیشن کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے۔

(الف) میکینیکل انرجی (ب) کائی نیٹک انرجی (ج) پوٹینشل انرجی (د) تھرمل انرجی

-27 اوپر اٹھے ہوئے ہتھوڑے میں انرجی ہوتی ہے۔

(الف) پوٹینشل انرجی (ب) کائی نیٹک انرجی (ج) آوزا کی انرجی (د) حرارت کی انرجی

-28 ان میں سے کون سا فوسل فیولز ہے؟

(الف) تیل (ب) کول (ج) قدرتی گیس (د) یہ سب ہیں

-29 انرجی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے:

(الف) ڈیم (ب) سورج (ج) ٹیلز (د) سولر

-30 کام کرنے کی صلاحیت کو کہتے ہیں:

(الف) ورک (ب) جلنا (ج) انرجی (د) ایفی شینسی

-31 انرجی کا SI یونٹ ہے:

(الف) نیوٹن (ب) جول (ج) ویبر (د) نیوٹن سیکنڈ

-32 جو انرجی جسم کی حرکت کی وجہ سے حاصل کی جاتی ہے:

(الف) کائی نیٹک انرجی (ب) میکینیکل انرجی (ج) پوٹینشل انرجی (د) کیمیکل انرجی

-33 انرجی کے ذرائع جو استعمال کرنے کے بعد نئے ذرائع سے تبدیل کر دیئے جاتے ہیں۔

(الف) ڈینگ (ب) بائیو ماس (ج) قابل تجدید ذرائع (د) ناقابل تجدید ذرائع

-34 ان میں سے کون سے قابل تجدید ذرائع ہیں:

(الف) ویو انرجی (ب) ٹائیڈل انرجی (ج) سولر انرجی (د) یہ سب ہیں

-35 ان میں سے کون سے ناقابل تجدید ذرائع ہیں۔

(الف) فوسلز فیول (ب) ٹائیڈل انرجی (ج) سولر انرجی (د) جیو تھرمل انرجی

-36 کسی چیز پر 20 N کی فورس لگائی جاتی ہے اور یہ فورس کی سمت میں 10 m حرکت کرتی ہے تو اِس پر کتنا ورک ہوتا ہے؟

(الف) 100 J (ب) 200 J (ج) 50 J (د) 0 J

-37 کس قسم کی انرجی پوزیشن سے منسلک ہوتی ہے:

(الف) پوٹینشل انرجی (ب) کائی نیٹک انرجی (ج) تھرمل انرجی (د) الیکٹریکل انرجی

-38 ایک مشین جو 100 kg کا وزن 20 میٹر تک 10s کے لیے اٹھا سکتی ہے اُس کی پاور آؤٹ پٹ کیا ہے؟

(الف) 1000 W (ب) 2000 W (ج) 5000 W (د) 10000 W

www.ilmkidunya.com

جوابات

1	(الف)	2	(ب)	3	(الف)	4	(الف)	5	(ب)	6	(ج)	7	(ج)
8	(ج)	9	(الف)	10	(الف)	11	(د)	12	(د)	13	(ب)	14	(ب)
15	(د)	16	(الف)	17	(الف)	18	(ج)	19	(الف)	20	(ج)	21	(الف)
22	(ج)	23	(ج)	24	(ج)	25	(ب)	26	(ج)	27	(الف)	28	(د)
29	(ب)	30	(ج)	31	(ج)	32	(ب)	33	(الف)	34	(د)	35	(الف)
36	(ب)	37	(الف)	38	(ب)								

کثیر الانتخابی مختصر سوالات

مختصر سوالات کے جواب دیں۔

-1 کیا انرجی کو پیدا یا فنا کیا جا سکتا ہے؟

جواب: جی نہیں! انرجی کو نہ تو پیدا کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی فنا بلکہ انرجی کی ایک قسم کو کسی دوسری قسم میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

-2 پوٹینشل انرجی کی اقسام کون سی ہیں؟ نام لکھیں۔

جواب: (i) گریوی ٹیشنل پوٹینشل انرجی (ii) ایلاسٹک پوٹینشل انرجی (iii) کیمیکل پوٹینشل انرجی

(iv) تھرمل / انٹرنل انرجی (v) نیوکلیئر انرجی

-3 فوسل فیول کیا ہے؟

جواب: تیل، کوئلہ اور گیس کو فوسل فیولز کہتے ہیں۔

-4 مدوجزر سے کیا مراد ہے؟

جواب: چاند کی گریوی ٹیشنل فورس کی وجہ سے ایک دن میں سمندر کے پانی کا دو مرتبہ چڑھنا اور اُترنا مدّ وجزر کہلاتا ہے۔

-5 کائی نیٹک انرجی اور مومینٹم میں کیا تعلق ہے؟

جواب: کائی نیٹک انرجی اور مومینٹم میں تعلق یہ ہے کہ کائی نیٹک انرجی، مومینٹم کے مربع کے پروپورشنل ہے۔

-6 کیا کوئی جسم بلندی کے بغیر پوٹینشل انرجی رکھتا ہے؟

جواب: جی ہاں! کوئی جسم بلندی کے بغیر بھی پوٹینشل انرجی رکھ سکتا ہے۔

وجہ: کیونکہ پوٹینشل انرجی بہت سی اشکال میں پائی جاتی ہیں جیسا کہ ایلاسٹک پوٹینشل اور کیمیکل پوٹینشل انرجی ہے۔

-7 کسی جسم کی پاور کیسے تبدیل ہوتی ہے جب کام کرنے کا وقت کم ہو رہا ہو؟

جواب: کسی جسم کی پاور بڑھتی ہے جب کام کرنے کا وقت کم ہوتا ہے۔ ایسا اس وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ کام کرنے کی شرح کم ہوتی تو کام بڑھ جاتا ہے۔

-8 ورک کیا ہے؟

جواب: فورک فورس اور فورس کی سمت میں طے کردہ ڈسپلیسمنٹ کا حاصل ضرب ہے۔

www.ilmkidunya.com

9- انرجی کی بنیادی اقسام کون سی ہیں؟

جواب: انرجی کی دو بنیادی اقسام ہیں: (i) پوٹینشل انرجی (ii) کائی نیٹک انرجی

10- پاور کی تعریف کریں فارمولا اور یونٹ تحریر کریں۔

جواب: پاور: وقت کے لحاظ سے ورک کرنے کی شرح کو پاور کہتے ہیں۔

حسابی مساوات:

$$\text{پاور} = \frac{\text{ورک}}{\text{وقت}}$$

$$= \frac{W}{t}$$

یونٹ: پاور کا SI یونٹ واٹ (watt) ہے اسے علامت W سے لکھا جاتا ہے۔

11- ایک شخص ایک جسم کو 10 میٹر تک دھکیلنے کے لیے 100 J ورک کرتا ہے اس کی لگائی گئی فورس معلوم کریں۔

حل:

ورک	=	W	= 100 J
فاصلہ	=	S	= 10 m
فورس	=	F	= ?

مساوات کا استعمال کرنے سے

$$W = F \times S$$

$$F = \frac{W}{S}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$F = \frac{100}{10}$$

$$F = 10 \text{ N}$$

12- انرجی اور اس کے یونٹ کی تعریف کریں۔

جواب: انرجی: کسی جسم کے ورک کرنے کی صلاحیت کو انرجی کہتے ہیں۔ انرجی کا یونٹ جول ہے۔

جول: جب کسی جسم پر ایک جول ورک کیا جاتا ہے تو خرچ ہونے والی انرجی ایک جول ہوتی ہے۔

13- انرجی کی بنیادی اقسام کون سی ہیں؟

جواب: انرجی کی دو بنیادی اقسام درج ذیل ہیں:

(i) کائی نیٹک انرجی (ii) پوٹینشل انرجی

14- تھرمل پولیوشن اور گلوبل وارمنگ کی تعریف کریں۔

جواب: تھرمل پولیوشن نیوکلیئر پاور جنریشن میں نیوکلیائی عمل سے پیدا ہونے والی حرارت سے سٹیم بنائی جاتی ہے۔ حرارت اپنے طور پر پولیوشن کی ایک شکل ہے، جسے تھرمل پولیوشن کہتے ہیں۔

گلوبل وارمنگ: تھرمل پولیوشن سے زمین کا اوسط درجہ حرارت دن بہ دن بڑھتا جاتا ہے جسے گلوبل وارمنگ کہتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

-15 ایفی شینسی کی تعریف لکھیں۔

جواب: **ایفی شینسی:** کارآمد آؤٹ پٹ انرجی اور کل اِن پٹ انرجی کی نسبت کسی سسٹم کی ایفی شینسی کہلاتی ہے۔

فارمولا

$$\text{ایفی شینسی} = \frac{\text{کارآمد آؤٹ پٹ انرجی}}{\text{کل اِن پٹ انرجی}}$$

-16 آئیڈیل مشین کیا ہے؟

جواب: ایسی مشین جس کی کارآمد آؤٹ پٹ اس کی کل اِن پٹ انرجی کے برابر ہو، یعنی ایفی شینسی 100 ہو۔ ایک آئیڈیل مشین کہلاتی ہے۔

-17 برٹش انجینئرنگ سسٹم میں پاور کا یونٹ کیا ہے؟

جواب: برٹش انجینئرنگ سسٹم میں پاور کا یونٹ ہارس پاور کہلاتا ہے جو 746 W کے برابر ہوتا ہے یعنی $1\ hp = 746\ W$

-18 ورک کا انحصار کن عوامل پر ہے؟

جواب: ورک کا انحصار مندرجہ ذیل عوامل پر ہے۔

(i) کسی جسم پر عمل کرنے والی فورس (ii) جسم کا طے کردہ ڈسپلیسمنٹ اور ان کے مابین زاویہ

-19 ایک فورس کب ورک کرتی ہے؟

جواب: ورک اس وقت ہوتا ہے جب جسم پر لگائی گئی فورس جسم کو فورس کی سمت میں حرکت دے۔

-20 جول کی تعریف کریں۔

جواب: **جول:** یہ ورک کی وہ مقدار ہے جو ایک نیوٹن فورس کسی جسم پر عمل کرتے ہوئے اسے ایک میٹر تک حرکت دیتی ہے۔

$$1J = 1\ N \times 1m$$

www.ilmkidunya.com